# ختم نبوت کوئز

www.KitaboSunnat.com

ختمِ نبوت، ناموسِ رسالت اور ردِ قادیانیت پر مشتمل
اہم سوالات کا مجموعہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

## معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

## تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

# ختم نبوت کورس

ختمِ نبوت، ناموسِ رسالت اور ردِ قادیانیت پر مشتمل
اہم سوالات کا مجموعہ

www.kitabosunnat.com

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

26604

نام کتاب ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ختمِ نبوت کوئز

صفحات ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ 64

مرتب ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ منیر احمد (جامعہ عبداللہ ابنِ عمر لاہور)

پرنٹرز ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ عبداللہ آرٹ پریس 03004050660

اشاعت ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اکتوبر 2014

المکتبۃ الرحمانیۃ
۹۹۔۔ جے ماڈل ٹاؤن۔ لاہور
نمبر...25233......

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س عقیدہ ختم نبوت سے کیا مراد ہے؟

ج حضرت محمد ﷺ اللہ رب العزت کے آخری نبی اور رسول ہیں۔ آپ ﷺ کے بعد قیامت تک کسی کو نبوۃ نہیں دی جائے گی۔

س قرآن مجید کی کتنی آیات سے مسئلہ ختم نبوت ثابت ہے؟

ج عقیدہ ختم نبوت قرآن پاک کی 100 سے زائد آیات سے ثابت ہے

س قرآن کریم کی وہ آیت بتائیں جس میں آپ کو خاتم النبیین کہا گیا ہو؟

ج مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَا اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ۝

محمد (ﷺ) تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں لیکن اللہ کے رسول اور خاتم النبیین ہیں۔ (سورۃ احزاب آیت نمبر 40)

س قرآن مجید کی وہ آیت بتائیں جس میں دین کی تکمیل کے اعلان کے ذریعے ختم نبوت کو بیان کیا گیا ہو۔

ج اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا (سورۃ المائدہ آیت ۳)

ترجمہ: آج ہم نے تمہارے لیے تمہارا دین مکمل کر دیا اور اپنی نعمت تم پر مکمل کر دی اور دین اسلام ہی تمہارے لیے پسند کیا۔

س قرآن کریم کی کس آیت کے ذریعے آپ ﷺ کی نبوت و رسالت ہی کو قیامت تک آنے والے تمام لوگوں کے لیے بیان کیا گیا ہے؟

ج قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعًا (سورۃ الاعراف آیت ۱۵۸)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ترجمہ: (اے محمد ﷺ) آپ کہہ دیجئے کہ اے لوگو! بے شک میں تم تمام کی طرف اللہ کا رسول ہوں۔

س قرآن کریم کی وہ کون سی آیت ہے جس میں آپ ﷺ کے رحمت للعالمین ہونے کے ذریعے ختم نبوت کو بیان کیا گیا ہے؟

ج وَمَا اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْن (سورۃ الانبیاء آیت ۱۰۷)

ترجمہ: ہم نے آپ کو تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔

س عقیدہ ختم نبوت کتنی احادیث مبارکہ سے ثابت ہے؟

ج عقیدہ ختم نبوت رسول پاک ﷺ کی 210 سے زائد احادیث سے ثابت ہے۔

س وہ کون سی حدیث ہے جس میں آپ ﷺ نے اپنے خاتم النبیین ہونے کا اعلان فرمایا ہے؟

ج "اَنَا خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ" (مسلم)

ترجمہ: میں خاتم النبیین ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

س وہ کون سی حدیث ہے جس میں آپ ﷺ نے اس امت کا آخری امت ہونا بیان فرمایا ہے؟

ج "اَنَا اٰخِرُ الْاَنْبِیَاءِ وَاَنْتُمْ اٰخِرُ الْاُمَمِ" (ابن ماجہ ص ۳۰۷)

ترجمہ: میں انبیاء میں آخری ہوں اور تم امتوں میں آخری امت ہو۔

س وہ کون سی حدیث ہے جس میں آپ ﷺ نے نبوت و رسالت دونوں کے ختم ہونے کو بیان فرمایا ہے؟

ج اِنَّ الرِّسَالَةَ وَالنُّبُوَّةَ قَدِ انْقَطَعَتْ فَلَا رَسُوْلَ بَعْدِیْ وَلَا نَبِیَّ (ابن

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



کثیر ج ۸ ص ۹)

ترجمہ: بے شک رسالت اور نبوت ختم ہوگئی پس میرے بعد نہ کوئی رسول ہے اور نہ نبی۔

س وہ کون سی حدیث ہے جس میں آپ ﷺ نے اپنے بعد جھوٹے مدعیان نبوت کے آنے کی پیشگوئی فرمائی؟

جواب ''اِنَّہ سَیَکُوْنُ فِیْ اُمَّتِیْ ثَلاثُوْنَ کَذَّابُوْنَ کُلُّھُمْ یَزْعَمُ اَنَّہ نَبِیٌّ وَاَنَا خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ''(ترمذی، مشکوٰۃ)

ترجمہ: عنقریب میری امت میں 30 جھوٹے ہوں گے جو گمان کریں گے کہ وہ نبی ہیں، میں آخری نبی ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

س عہد رسالت میں کس کس نے نبوت و رسالت کا جھوٹا دعویٰ کیا؟

ج عہد رسالت ﷺ میں طلیحہ اسدی، اسود عنسی، سجاح بنت حارث اور مسیلمہ کذاب نے نبوت کا جھوٹا دعویٰ کیا۔

س اسود عنسی نے کب اور کہاں دعویٰ نبوت کیا؟

ج اسود عنسی نے 10 ہجری میں یمن کے علاقے میں نبوت کا جھوٹا دعویٰ کیا۔

س اسود عنسی کو کس صحابی رسول ﷺ نے آپ ﷺ کی اجازت و حکم سے قتل کیا؟

ج حضرت فیروز دیلمی رضی اللہ عنہ نے اسود عنسی کو قتل کیا۔

س آپ ﷺ کو کس نے اسود عنسی کے واصل جہنم ہونے کی خبر دی اور اسکے قتل کی خبر سن کر آپ ﷺ نے حضرت فیروز دیلمی رضی اللہ عنہ کو کیا دعا دی؟

ج اسود عنسی کے قتل کی خبر حضرت جبرئیل علیہ السلام نے دی، آپ ﷺ نے قتل کی خبر سن کر فرمایا ''فَازَ فَیْرُوْز'' فیروز کامیاب ہوگیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

س مسیلمہ کذاب نے کب اور کہاں نبوت کا دعویٰ کیا؟

ج مسیلمہ کذاب نے 10 ہجری میں یمامہ کے علاقے میں نبوت کا اعلان کیا۔

س حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے خلافت کے بعد سب سے پہلے کیا کام کیا؟

ج حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے سب سے پہلے مسیلمہ کذاب کے خلاف لشکر کشی کا حکم دے کر ایک لشکر اُس کے مقابلے کے لیے بھیجا۔

س سب سے پہلے اجماعِ صحابہ کس بات پر ہوا؟

ج سب سے پہلا اجماعِ صحابہ مدعی نبوت کے واجب القتل ہونے پر ہوا (مسیلمہ کذاب کے خلاف جنگ کے موقع پر)

س مسیلمہ کذاب کے ماننے والوں کی تعداد کیا تھی نیز مسیلمہ کے لشکر کی تعداد کیا تھی اور اس جنگ کا نام کیا تھا؟

ج مسیلمہ کذاب کے ماننے والے 60 ہزار سے زائد تھے نیز اس کا لشکر چالیس ہزار افراد پر مشتمل تھا اور اس جنگ کا نام "جنگِ یمامہ" تھا۔

س جنگ یمامہ میں مسیلمہ کذاب کے کتنے حواریوں کو واصل جہنم کیا گیا؟

ج 27 ہزار سے زائد کو واصل جہنم کیا گیا

س مسیلمہ کذاب کو کس صحابی رسول ﷺ نے قتل کیا؟

ج حضرت وحشی بن حرب رضی اللہ عنہ نے۔

س جنگ یمامہ میں شہید ہونے والے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی تعداد کیا ہے نیز اُس میں حفاظ صحابہ رضی اللہ عنھم کی تعداد کتنی تھی؟

ج جنگ یمامہ میں بارہ سو (1200) صحابہ کرام رضی اللہ عنہم شہید ہوئے اور ان

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

میں سات سو (700) صحابہ رضی اللہ عنھم حفاظ تھے۔

س دورِ نبوت میں شہید ہونے والے صحابہ کرام کی کل کیا تعداد ہے اور جن کافروں کو واصلِ جہنم کیا گیا انکی تعداد کیا تھی؟

ج نبی پاک ﷺ کے 23 سالہ دورِ نبوت میں جامِ شہادت نوش کرنے والے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی کل تعداد 259 ہے اور صحابہ کرام کے ہاتھوں واصل جہنم ہونے والے کافروں کی کل تعداد 759 ہے۔

س جس شخص کو عقیدہ ختم نبوت کا علم نہیں اس کا کیا حکم ہے؟

ج جس شخص کو ختم نبوت کا علم نہیں وہ مسلمان نہیں ہے چنانچہ "الاشباہ والنظائر" میں ہے:

اِذَا لَمْ یَعْرِفْ اَنَّ مُحَمَّداً ﷺ اٰخِرُ الْاَنْبِیَاءِ فَھُوَ کَافِرٌ لِاَنَّہٗ مِنْ ضَرُوْرِیَّاتِ الدِّیْنِ

ترجمہ: جو شخص یہ نہیں جانتا کہ محمد ﷺ آخری نبی ہیں وہ کافر ہے کیونکہ یہ ضروریاتِ دین میں سے ہے۔

س مدعی نبوت سے دلیل طلب کرنے کے متعلق امام ابو حنیفہ کا کیا فتویٰ ہے؟

ج مَنْ طَلَبَ مِنْہُ عَلَامَۃً فَقَدْ کَفَرَ (مسک الختام ص 26)

جو جھوٹے مدعی نبوت سے اس کی نبوت پر دلیل مانگے وہ بھی کافر ہے۔

س وہ کون سا دین ہے جس کی تابعداری نجات کا واحد ذریعہ ہے؟

ج دینِ اسلام۔

س کیا دینِ اسلام کے علاوہ کسی اور دین پر عمل کرنے سے کامیابی مل سکتی ہے؟

ج نہیں! دین اسلام کے آنے کے بعد کسی بھی دین پر عمل انسان کو اخروی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



کامیابی نہیں دلاسکتا۔

س دین اسلام کے پیروکار کو کیا کہتے ہیں؟

ج مسلمان۔

س دین اسلام میں داخل ہونے کی کیا شرائط ہیں؟

ج اللہ تعالیٰ کی وحدانیت پر یقین رکھنا، رسول پاک ﷺ کی رسالت پر یقین رکھنا اور ان تمام باتوں کو من وعن (مکمل) قبول کرنا جن کی تعلیم اللہ کے آخری نبی حضرت محمد ﷺ نے دی اور ایسی تمام باتوں کو ماننا جو ضروریاتِ دین میں سے ہیں ان میں سے کسی ایک بات کا انکار کرنا بھی گمراہی اور کفر ہے۔

س امت مسلمہ کے علماء کرام مرزا قادیانی وراس کے ماننے والوں کو کیا سمجھتے ہیں؟

ج امت مسلمہ کے علماء مرزا قادیانی اور اس کے پیروکاروں کو کافر، مرتد اور زندیق جانتے ہیں۔

س مرزا قادیانی اور اس کے پیروکاروں کو کافر کیوں کہا جاتا ہے؟

ج مرزا قادیانی کے کفر کی بے شمار وجوہات ہیں چند مندرجہ ذیل ہیں:

۱۔ ختم نبوت کا انکار کرنے کی وجہ سے۔

۲۔ قرآن پاک میں تحریف کرنے کی وجہ سے۔

۳۔ نبوت ورسالت کا دعویٰ کرنے کی وجہ سے۔

۴۔ رسول پاک ﷺ کی توہین کی وجہ سے۔

۵۔ تمام انبیاء پر فضیلت کا دعویٰ کرنے اور گستاخی کی وجہ سے۔

۶۔ دعویٰ خدائی کرنے اور توہین خدا کرنے کی وجہ سے۔

۷۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ولادت بن باپ کا انکار کرنے کی وجہ سے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



۸۔ جہاد کو حرام قرار دینے کی وجہ سے۔

۹۔ مسلمانوں کو کافر کہنے کی وجہ سے۔

س مرزا قادیانی کے نبوت ورسالت کے دعوے کی کچھ تفصیل بیان کریں؟

ج مرزا قادیانی نے عام نبوت دعویٰ نہیں کیا بلکہ کہا کہ میں خود ''محمد'' ہوں، کیونکہ محمد ﷺ نے دو مرتبہ دنیا میں آنا تھا ایک مرتبہ تیرہ سو سال پہلے مکہ میں آئے اور دوسری مرتبہ میری شکل میں قادیان میں۔

س مرزا قادیانی نے خود کو محمد کیوں کہا؟

ج مرزا قادیانی نے کہا کہ پہلے محمد سے اشاعت دین مکمل نہ ہوسکی تھی اب میں دین کی اشاعت کو مکمل کرنے کے لیے آیا ہوں۔

س مرزا قادیانی نے حضور ﷺ کے ساتھ کس طرح تقابل کیا ہے؟

ج مرزا قادیانی نے کہا کہ اللہ نے جتنے کمالات نبی پاک ﷺ کو عطا کیے تھے وہ سارے کے سارے مجھے بھی عطا کیے گئے ہیں۔

س مرزا قادیانی نے حضور ﷺ کے معجزات اور اپنے معجزات کی کیا تعداد بیان کی ہے؟

ج مرزا قادیانی نے لکھا ہے کہ مجھے اللہ نے 10 لاکھ معجزات عطا کیے ہیں۔(خزائن جلد 21 ص 72)

جب کہ حضور ﷺ کے معجزات کے بارے میں لکھا:

کہ حضور ﷺ کو ملنے والے معجزات کی تعداد تین ہزار ہے۔(خزائن جلد 17 ص 153)

س قرآن مجید میں رسالت مآب ﷺ کی شان میں نازل ہونے والی آیات کے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بارے میں مرزائیوں کا کیا عقیدہ ہے؟

ج مرزائی کہتے ہیں وہ تمام آیات جو حضور ﷺ کی شان میں نازل ہوئیں وہ دوبارہ مرزا قادیانی کی شان میں بھی نازل کی گئیں ہیں۔

ان میں سے چند مندرجہ ذیل ہیں:

وَمَا اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِیْنَ (تذکرہ ص 547 طبع چہارم)

قُلْ اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰہِ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰہُ (تذکرہ ص 547 طبع چہارم)

وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ (تذکرہ ص 538 طبع چہارم)

وَدَاعِیًا اِلَی اللّٰہِ بِاِذْنِہٖ سِرَاجًا مُّنِیْرًا (تذکرہ ص 538 طبع چہارم)

اِنَّا اَعْطَیْنَاکَ الْکَوْثَرَ (تذکرہ ص طبع چہارم)

س مرزائی مرزا قادیانی اور اس کے ماننے والوں کو کیا خصوصیات اور کون کون سے القابات دیتے ہیں؟

ج مرزائی، مرزا قادیانی اور اس کے ماننے والوں کو وہ تمام خصوصیات اور القابات دیتے ہیں جو خصوصیات اور القابات نبی کریم ﷺ اور آپ کے اہل تعلق کو ملے ہیں۔

مرزائی مرزا قادیانی کی بیوی کو ''اُم المؤمنین'' اسکے شیطان صفت ساتھیوں کو ''صحابہ''، اسکی بیٹی کو ''سیدۃ النساء'' اسکے خاندان کو ''اہلِ بیت'' اسکی باتوں کو ''حدیث''، اسکے کاموں کو ''سنت'' اسکے نام نہاد شیطانی الہامات کو ''وحی'' اور اسکے لڑکے مرزا محمود کو ''قمر الانبیاء'' کہتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س مرزائیوں کے نزدیک اب سید کون ہوگا؟

ج مرزائیوں کے نزدیک مرزا قادیانی کی اتباع کرنے والا ہی سید ہوگا اور جو رحمت کائنات کے خاندان سے ہے انہیں پرانا رشتہ فائدہ نہیں دے گا۔
(انوار العلوم جلد 8 ص 80)

س مرزا قادیانی نے حضرت حسین رضی اللہ عنہ کے بارے میں کیا بکواس کی ہے؟

ج مرزا قادیانی نے اپنی کتابوں میں بہت سی جگہ پر حضرت حسین رضی اللہ عنہ کی ذات پر کیچڑ اچھالا ہے اور جا بجا اپنے مرتبے کو حضرت حسین سے بڑھانے کی کوشش کی ہے۔ ایک جگہ لکھتا ہے:

میری سیر ہر وقت کربلا میں ہے اور 100 حسین ہر وقت میرے گریبان میں ہے۔ (خزائن جلد 18 ص 477)

س مرزائی۔۔مرزا قادیانی پر کن الفاظ میں درود بھیجتے ہیں؟

ج (i) صلی اللہ علیک وعلی محمد (تذکرہ ص 661 طبع چہارم)
(اللہ تعالیٰ تجھ پر اور محمد ﷺ پر درود بھیجے)

(ii) اے محمدی سلسلہ کے برگزیدہ مسیح تجھ پر خدا کا لاکھ درود اور لاکھ لاکھ سلام ہو۔ (سیرت المہدی جلد سوئم ص 208)

س کیا مرزائیوں کے نزدیک کوئی شخص نبی کریم ﷺ سے آگے بڑھ سکتا ہے؟

ج جی ہاں! مرزا قادیانی کے لڑکے مرزا بشیر الدین محمود نے لکھا ہے:

”یہ بات صحیح ہے کہ ہر شخص ترقی کر سکتا ہے اور بڑے سے بڑا درجہ پا سکتا ہے حتی کہ محمد رسول اللہ سے بھی بڑھ سکتا ہے“۔ (اخبار الفضل 17 جولائی 1922)

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

# ۱۵

س اسلام ہمیں سابقہ انبیاء کے بارے میں کیا تعلیم دیتا ہے؟

ج اسلامی عقیدے کے مطابق کم وبیش سوا لاکھ انبیاء آپ ﷺ سے پہلے ہوئے ہیں اسلام ان تمام پر ایمان لانے کا اور ان کی تعظیم کرنے کا حکم دیتا ہے۔

س کسی نبی کی تحقیر وتوہین کرنے والے کے بارے میں اسلامی نظریہ کیا ہے؟

ج جو شخص بھی کسی نبی کو گالی دے یا کسی طرح ان کی تحقیر وتوہین کرے اسلام ایسے شخص کو کافر کہتا ہے۔

س مرزا قادیانی نے کس کس نبی کی توہین کی ہے؟

ج مرزا قادیانی نے تمام انبیاء کی توہین کی ہے بس فرق صرف اتنا ہے کہ بعض انبیاء کی کم اور بعض انبیاء کی بہت زیادہ توہین وتحقیر کی ہے۔

س مرزا قادیانی نے انبیاء کرام علیہم السلام کے بارے میں کیا توہین آمیز کلمات کہے ہیں؟

ج مرزا قادیانی نے کہا کہ میں تمام انبیاء کا مظہر اتم ہوں میرے آنے سے گویا سارے انبیاء دنیا میں دوبارہ آ گئے ہیں۔(خزائن جلد 22 ص 76)

س مرزا قادیانی نے اپنی آمد کا ذکر کرتے ہوئے انبیاء کی کس انداز سے توہین کی ہے؟

ج مرزا قادیانی نے لکھا ہے:

میری آمد کی وجہ سے ہر نبی زندہ ہو گیا۔ ہر رسول میری قمیض میں چھپا ہوا ہے۔

س سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کی ولادت کے بارے میں اسلامی عقیدہ کیا ہے؟

ج حضرت سیدنا عیسیٰ علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے جلیل القدر پیغمبر ہیں جن کی ولادت بغیر باپ کے محض اللہ تعالیٰ کی قدرت سے ہوئی ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س مرزا قادیانی نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ولادت بن باپ کو کس مخلوق سے تشبیہ دی ہے؟

ج مرزا قادیانی نے ولادت عیسیٰ علیہ السلام کو برسات کے موسم میں خود بخود پیدا ہونے والے کیڑے مکوڑوں سے دی ہے۔

س مرزا قادیانی نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی اخلاقی حالت کیا بیان کی ہے؟

ج مرزا قادیانی نے اپنی کتابوں میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں لکھا ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام انتہائی بدزبان اور گالیاں دیتے تھے اور آپ کو جھوٹ بولنے کی بھی عادت تھی۔ آپ شراب بھی پیتے تھے، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا چال چلن بھی نیک نہ تھا آپ کا کنجریوں سے میلان بھی تھا۔ (نعوذ باللہ)

(خزائن ج 11 ص 289۔ ج 19 ص 71، ج 10 ص 295)

س اللہ تعالیٰ کی ذات کے بارے میں اسلامی عقیدہ کیا ہے؟

ج اللہ تعالیٰ کی ذات وحدہٗ لاشریک ہے۔ حق تعالیٰ کی ذات پر اس کی جملہ صفات کے ساتھ غیر متزلزل ایمان اسلام کے لیے بنیادی اور اہم شرط ہے۔ اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات میں کسی کو شریک کرنا یا اللہ تعالیٰ کی مثال بیان کرنا یا اللہ تعالیٰ کی ذات کے بارے میں کسی قسم کی کوئی ادنیٰ سے ادنیٰ توہین وتحقیر کرنا یہ کفر ہے۔

س مرزا قادیانی نے خدا تعالیٰ کی وحدانیت کا انکار کرتے ہوئے کن الفاظ میں دعویٰ خدائی کیا؟

ج مرزا قادیانی لکھتا ہے

[illegible]

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ہوں۔(خزائن ج13ص103)

س کیا مرزا قادیانی نے اپنے بیٹے کو خدا کی طرح قرار دیا ہے؟

ج جی ہاں مرزا قادیانی نے اپنے بیٹے کے بارے میں لکھا ہے کَانَ اللّٰہُ نَزَلَ مِنَ السَّمَآءِ (میرا بیٹا ایسا ہے جیسا خدا میرے گھر میں اتر آیا ہے)(تذکرہ ص144)

س کیا مرزا قادیانی نے خود کو خدا کا بیٹا کہا ہے۔

ج جی ہاں مرزا قادیانی نے لکھا ہے کہ مجھے اللہ نے کہا اَنْتَ مِنِّیْ بِمَنْزِلَۃِ وَلَدِ اے مرزا تو میرے بیٹے کی طرح ہے(تذکرہ ص442)

س کیا مرزا قادیانی نے خود کو خدا کی بیوی بھی کہا ہے؟

ج جی ہاں مرزا قادیانی نے خود کو خدا کی بیوی کہا ہے۔(اسلامی قربانی)

س مرزائیوں کا احادیث رسول ﷺ کے بارے میں کیا عقیدہ ہے؟

ج مرزا قادیانی لکھتا ہے:

جو شخص قرآن شریف پر ایمان لاتا ہے اس کو چاہے کہ ابوہریرہؓ کے قول (حدیث رسول) کو ایک ردی متاع کی طرح پھینک دے۔(نعوذ باللہ) (خزائن ج21ص410)

س حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے بارے میں مرزائیوں کا عقیدہ کیا ہے؟

ج مرزا قادیانی نے اپنے ساتھ حضرت ابوبکر صدیق کا تقابل کرتے ہوئے لکھا ہے:

کہ میں ابوبکر تو کیا بعض انبیاء سے بھی بہتر ہوں۔(مجموعہ اشتہارات ج2ص396)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س قرآن مجید کے بارے میں مرزائیوں کا کیا نظریہ ہے؟

ج مرزائی کہتے ہیں کہ قرآن دوبارہ مرزا قادیانی پر اترا ہے مرزا قادیانی کے لڑکے مرزا البشیر احمد ایم اے نے اپنی کتاب میں اس بات کی وضاحت کی ہے لکھتا ہے: www.kitabosunnat.com

ہم کہتے ہیں کہ قرآن کہاں موجود ہے؟ اگر قرآن دنیا میں موجود ہوتا تو کسی کے آنے کی کیا ضرورت تھی، مشکل تو یہی ہے کہ قرآن دنیا سے اُٹھ گیا، اس لیے تو ضرورت پیش آئی کہ محمد رسول اللہ (مرزا قادیانی) کو بروزی طور پر دوبارہ دنیا میں مبعوث کر کے آپ پر قرآن شریف اتارا جاوے۔ (کلمۃ الفصل ص 173)

س مرزا قادیانی کے عقیدے کے مطابق قرآن مجید دوبارہ کہاں نازل ہوا؟

ج مرزا قادیانی نے لکھا ہے کہ قرآن دوبارہ قادیان میں نازل ہوا ہے لکھتا ہے

اِنَّا اِنزَلْنَاہُ قَرِیباً مِنَ الْقَادْیَانِ

ہم نے اس قرآن کو قادیان کے قریب نازل کیا۔

اس کی تفسیر یہ کہ انا انزلناہ قریبا من دمشق بطرف شرقی عند المنارۃ، کیونکہ اس عاجز کی سکونتی جگہ (رہائش) قادیانی کے شرقی کنارہ پر ہے۔ (تذکرہ ص 59 طبع چہارم)

س مرزائی اپنے شہر قادیان اور ربوہ کو کیا حیثیت دیتے ہیں؟

ج مرزائی ان دونوں مقامات کو مکہ، مدینہ کی طرح سمجھتے ہیں۔ (حقیقت رویا ص 46)

س مرزائی حج سے زیادہ کس جگہ جانے کو ثواب جانتے ہیں؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج قادیان جانے کو۔ چنانچہ مرزا قادیانی نے لکھا ہے:

لوگ معمولی اور نفلی طور پر حج کرنے کو بھی جاتے ہیں مگر اس جگہ (قادیان) نفلی حج سے ثواب زیادہ ہے (خزائن ج 5 ص 352)

س مرزائی قادیان میں ہونے والے جلسے کو کیا مقام دیتے ہیں؟

ج حج کے قائم مقام سمجھتے ہیں۔ مرزا قادیانی کے لڑکے مرزا بشیر الدین محمود نے لکھا ہے:

آج جلسہ کا پہلا دن ہے اور ہمارا جلسہ بھی حج کی طرح ہے۔

(برکات خلافت ص 5 طبع اول)

س مرزا قادیانی نے جہاد کے بارے میں کیا فتویٰ دیا؟

ج مرزا قادیانی نے فتویٰ دیا کہ جہاد آج کے بعد حرام ہے۔ (خزائن 19 ص 144)

س مرزا قادیانی نے جہاد کرنے والوں کے بارے میں کیا کہا اور حرمت جہاد پر کتنے رسائل اور کتابیں تحریر کیں؟

ج مرزا قادیانی نے اللہ کے دین کیلئے لڑنے والوں کو حرامی، بدکار اور خدا اور رسول کا نافرمان کہا اور حرمت جہاد پر اس قدر رسائل اور کتابیں تحریر کی کہ اُن سے پچاس الماریاں بھر سکتی ہیں۔ (خزائن ج 15 ص 155)

س مرزا قادیانی کی کون سی بات ہے جس میں تضاد نہیں ہے؟

ج مرزا قادیانی کی ہر بات میں تضاد پایا جاتا ہے لیکن دو باتیں ایسی ہیں جن میں اول دن سے اخیر دن تک کوئی تضاد نہیں ملتا۔ پہلی: انگریز کی اطاعت اولوالامر کی حیثیت سے فرض قرار دینا اور دوسری: کافروں کے ساتھ جہاد کو

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

حرام قرار دینا۔

س مرزا قادیانی نے جہاد کے حرام ہونے کا کیوں فتویٰ دیا؟

ج مرزا قادیانی نے لکھا ہے کہ وہ انگریز کا خود کاشتہ پودا ہے اسے انگریز نے اپنے مقاصد کے حصول کے لیے کھڑا کیا تھا اور مقاصد کے حصول میں جہاد سب سے بڑی رکاوٹ تھا اس لیے مرزا قادیانی کو یہ ذمہ داری سونپی گئی۔

س مرزا قادیانی نے اپنے نہ ماننے والوں کو کیا کہا ہے؟

ج کافر، جہنمی، عیسائی اور یہودی۔ (خزائن 18 ص 382)

س مرزا قادیانی نے اپنے نہ ماننے والوں کو کون سی گالی دی ہے؟

ج مرزا قادیانی نے ایسے لوگوں کو حرامی اور کنجریوں کی اولاد کہا ہے۔ (خزائن 5 ص 547,548)

س جو شخص مرزا قادیانی کو نہیں جانتا اس کے لیے کیا حکم ہے؟

ج جو بھی شخص مرزا قایانی کو نہ مانتا ہو بلکہ نہ بھی جانتا ہو تو وہ کافر ہے چنانچہ مرزا قادیانی کے لڑکے بشیر الدین محمود نے لکھا ہے:

کل مسلمان جو مسیح موعود (مرزا قادیانی) کی بیعت میں شامل نہیں ہوئے خواہ انہوں نے مسیح موعود کا نام بھی نہیں سنا وہ کافر اور دائرہ سے خارج ہے۔

(آئینہ صداقت 35 انوار العلوم ج 6 ص 110)

س مرزائیوں کے نزدیک مسلمانوں سے کون سے تعلقات جائز ہیں؟

ج مرزائی مسلمانوں سے صرف وہی تعلقات رکھنا جائز سمجھتے ہیں جو مسلمان عیسائیوں کے ساتھ۔

مرزا بشیر احمد ایم اے نے لکھا ہے:

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہم تو دیکھتے ہیں کہ مسیح موعود نے غیر احمدیوں کے ساتھ وہی سلوک جائز رکھا ہے جو نبی کریم ﷺ نے عیسائیوں کے ساتھ کیا۔

س مرزائی مسلمانوں کو کافر سمجھنے کے باوجود سلام کیوں کرتے ہیں؟

ج مرزائیوں کے نزدیک کافروں کو سلام کرنا جائز ہے۔

س کیا مرزائی مسلمان کے پیچھے نماز پڑھتے ہیں؟

ج نہیں کیونکہ مرزائی مذہب میں کسی بھی مسلمان کے پیچھے نماز پڑھنا حرام اور قطعی حرام ہے۔

(تذکرہ ص318 طبع چہارم)

س کیا قادیانی مذہب میں مسلمانوں سے شادی کرنا جائز ہے؟

ج قادیانی مذہب میں صرف مسلمان لڑکیوں سے شادی کرنا جائز ہے لیکن مسلمانوں کے لڑکوں کو اپنی لڑکیاں دینا جائز نہیں ہیں۔ (کلمۃ الفصل ص 170,169)

س کیا قادیانیوں کو مسلمانوں کی نماز جنازہ پڑھنے کی اجازت ہے؟

ج نہیں۔ بلکہ قادیانیوں کو مسلمان بچوں تک کی نماز جنازہ پڑھنے کی اجازت نہیں ہے۔ (انوار العلوم ج3 ص150)

س قائداعظم کی وفات پر کس شخص نے قائداعظم کا جنازہ پڑھنے سے انکار کر دیا تھا۔

ج چوہدری ظفر اللہ قادیانی سابق وزیر خارجہ پاکستان نے۔

س چوہدری ظفر اللہ نے جنازہ پڑھنے سے انکار کیوں اور کس کے کہنے پر کیا؟

ج چوہدری ظفر نے اپنے خلیفہ اور لیڈر بشیر الدین محمود کے حکم کی وجہ سے جنازہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



نہیں پڑھا اور نہ پڑھنے کی وجہ بیان کرتے ہوئے کہا:

کہ قائداعظم قادیانی نہیں تھا اس لئے میں نے جنازہ نہیں پڑھا

(زمیندار لاہور 8 فروری 1950)

# تعارف مرزا قادیانی

س ہمارے زمانے میں کس نے نبوت کا جھوٹا دعویٰ کر کے ختم نبوت کا انکار کیا؟

ج مرزا غلام احمد قادیانی نے۔

س مرزا قادیانی کہاں پیدا ہوا؟

ج قادیان میں۔

س قادیان کہاں واقع ہے؟

ج قادیان، بھارت کے صوبے مشرقی پنجاب کے ضلع گورداسپور کی تحصیل بٹالہ کا ایک گاؤں ہے۔

س مرزا قادیانی کب پیدا ہوا؟

ج مرزا قادیانی نے اپنی تاریخ پیدائش 1839 لکھی ہے۔(خزائن ج 13 ص 177)

س مرزا قادیانی کی پیدائش کا ذکر کرتے ہوئے کس حیا سوزی کا مظاہر کیا ہے بیان کریں؟

ج میرے ساتھ میری ایک بہن پیدا ہوئی، پہلے وہ نکلی پھر میں نکلا اور میرا سر اس کی ٹانگوں میں تھا۔(خزائن س 15 ص 479)

س مرزا قادیانی کی ماں کا کیا نام تھا؟

ج مرزا قادیانی کی ماں کا نام چراغ بی بی عرف گھسیٹی تھا۔(خزائن ج 22

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ص703)

س مرزا قادیانی نے اسکے علاوہ اپنے خاندان بیان کیئے ہیں؟

س مرزا قادیانی نے اسکے علاوہ بھی اپنی کوئی نسلیں بیان کی ہیں؟

ج جی ہاں! مرزا قادیانی اپنے ایک شعر میں لکھتا ہے۔۔۔۔

س مرزا قادیانی کو بچپن میں کن ناموں سے پکارا جاتا تھا؟

ج سندھی، دسوندھی، گاما کانا۔

(سیرت المہدی ص 36 حصہ اول)

س مرزا قادیانی کا باپ کون تھا اور اس کا کیا نام تھا؟

ج مرزا قادیانی کے باپ کا نام غلام مرتضیٰ تھا جو ایک انگریز وفادار اور اسلام دشمن شخص تھا۔(خزائن ج8 ص38,39)

س مرزا قادیانی کے باپ نے انگریز سے کیا وفاداری دکھائی اور اس وفاداری پر انگریز نے اُس پر کیا نوازشات کیں؟

ج اس نے 1857ء کی جنگ میں انگریز کو 50 سوار مسلمانوں سے لڑنے کے لیے دیے (خزائن ج13 ص614، ص4 تا 6)

س مرزا قادیانی کا باپ کس مزاج کا آدمی تھا نیز یہ کب مرا اور کس مرض میں مبتلا ہو کر مرا؟

ج مرزا قادیانی کا باپ غلام مرتضی بے دین آدمی تھا اور یہ 1874 یا 75 میں پیچس کے مرض میں مبتلا مرا۔(خزائن ج13 ص162)

س مرزا قادیانی کا خاندان کیسا تھا؟

ج ایک انگریز وفادار خاندان تھا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س مرزا قادیانی نے بچپن میں کتنے اساتذہ سے پڑھا نیز انکے نام کیا تھے اور مرزا قادیانی اپنے استادوں کو کیا کہتا تھا؟

ج تین اساتذہ سے۔ 1۔ فضل احمد، 2۔ فضل الٰہی، 3۔ گل علی شاہ۔ مرزا قادیانی نے اپنے استادوں کو ''نوکر'' کہا کرتا تھا۔ (خزائن ج 13 ص 180)

س مرزا قادیانی بچپن میں کن پرندوں کا شکار کرتا تھا اور کن چیز کے ساتھ ذبح کرتا تھا؟

ج چڑیوں کا اور ان کو ذبح سرکنڈوں کے ساتھ کرتا تھا۔ (سیرت المہدی حصہ اول ص 192,205)

س مرزا قادیانی نے تیراکی کہاں سیکھی تھی؟

ج قادیان کے چھپڑ میں۔ (سیرت المہدی حصہ اول ص 203)

س ایک دفعہ چڑیا کو پکڑتے ہوئے مرزا کے ساتھ کیا بیتی؟

ج اوپر سے نیچے گر گیا جس سے اس کے دائیں ہاتھ کی ہڈی ٹوٹ گئی۔ (سیرت المہدی حصہ اول ص 198)

س مرزا قادیانی کون سے ہاتھ سے کھاتا پیتا تھا؟

ج بائیں ہاتھ سے۔

س مرزا قادیانی نے اپنے ایک سنگھ دوست سے دوڑ کا مقابلہ کیا لیکن مرزا قادیانی ہار گیا، جتنے والے سنگھ دوست کا نام بتائیں؟

ج جھنڈا سنگھ۔

س مرزا قادیانی کے گھر والے مرزا قادیانی سے کیوں ناخوش تھے؟

ج مرزا قادیانی کے آوارہ گردی کی وجہ سے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س مرزا قادیانی کو اس کے باپ نے پنشن لینے بھیجا۔ بتائیں اس پنشن کی کل رقم کتنی تھی نیز یہ رقم کیسے خرچ کی گئی اور کن کاموں میں کرچ کی گئی؟

ج سات سو روپے مرزا قادیانی نے اپنے رشتے دار مرزا امام الدین کے ساتھ مل کت ساری رقم شرم ناک کاموں میں اڑادی (سیرت المہدی ج1 ص 131/ ص 43)

س ساری رقم اڑانے کے بعد مرزا قادیانی نے کیا کیا؟

ج مرزا قادیانی شرم کی وجہ سے گھر نہ جا سکا اور سیالکوٹ کچہری میں منشی کی ملازمت اختیار کرلی۔ (سیرت المہدی حصہ اول ص 43)

س مرزا قادیانی کی سیالکوٹ کچہری میں کتنی تنخواہ تھی؟

ج پندرہ روپے ماہوار۔ (رئیس قادیان جلد اول ص 23)

س مرزا قادیانی ملازمت کے دوران کون سی زبان کے لیے ٹیوشن پڑھتا تھا؟

ج انگریزی زبان کیلئے۔ (سیرت المہدی حصہ اول ص 137)

س دوران ملازمت مرزا قادیانی اور اس کے ہندو دوست لالہ بھیم سین نے مختاری کا امتحان دیا نتیجہ کیا نکلا؟

ج مرزا قادیانی فیل ہو گیا اور ہندو پاس ہو گیا۔ (سیرت المہدی حصہ اول ص 138) www.kitabosunnat.com

س مرزا قادیانی نے سیالکوٹ میں کتنا عرصہ ملازمت کی؟

ج 1864ء تا 1868ء تک تقریباً 4 سال ملازمت کی۔ (سیرت المہدی حصہ اول ص 154 تا 158)

س مرزا قادیانی سیالکوٹ ملازمت چھوڑ کر قادیان واپس کیوں آیا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج ملازمت کے دوران سرکار انگریز کا منظور نظر بن گیا چنانچہ انگریز نے اپنے مقاصد کے حصول کے لیے اسے چن لیا۔

س مرزا قادیانی نے حقانیت اسلام پر ایک کتاب لکھنے کا اعلان کیا اُس کتاب کا نام کیا تھا؟

ج اس کتاب کا نام براہین احمدیہ تھا۔

س مرزا قادیانی نے اس کتاب کی کتنی جلدیں لکھنے کا وعدہ کیا نیز اس کتاب میں حقانیت اسلام پر کتنے دلائل دینے کا وعدہ کیا؟

ج مرزا قادیانی نے ''پچاس جلدیں'' لکھنے کا وعدہ کیا اور اس میں حقانیت اسلام پر تین سو دلائل دینے کا وعدہ کیا۔ (خزائن ج 1 اشتہار بمطابق براہین احمدیہ)

س مرزا قادیانی نے لوگوں سے کتنی جلدوں کے پیسے وصول کیے؟

ج پچاس جلدوں کی ایڈوانس قیمت وصول کی۔ (تبلیغ رسالت ج اول ص 30 تا 48)

س کیا مرزا قادیانی نے اپنے وعدے کے موافق پچاس جلدیں تالیف کیں اور کیا مرزا قادیانی نے حقانیت اسلام پر تین سو دلائل دیئے؟

ج نہیں بلکہ پہلے صرف چار جلدیں لکھیں اور اس میں ایک بھی دلیل مکمل نہ دے سکا۔

س جب لوگوں نے مرزا قادیانی سے مطالبہ کیا کہ ہماری جلدوں کے پیسے واپس کر دو یا بقایا 46 جلدیں لکھ کر ہمیں ارسال کرو تو مرزا قادیانی نے کیا جواب دیا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج مرزا قادیانی نے ایسے لوگوں پر سخت غصے اور ناراضگی کا اظہار کیا اور بالآخر پانچویں جلد لکھی اور اس میں کہا:

''کہ پہلے پچاس جلدیں لکھنے کا ارادہ تھا مگر پچاس سے پانچ پر اکتفا کیا ہے کیونکہ پچاس اور پانچ میں صفر کا فرق ہے''۔(خزائن جلد 21 ص 9)

س کیا مرزا قادیانی کا یہ عذر کہ پانچ اور پچاس میں صرف صفر کا فرق ہے، درست ہے؟

ج نہیں ہرگز نہیں! کیونکہ پانچ اور پچاس میں صفر کا نہیں 45 کا فرق ہے۔

س کیا مرزا قادیانی نے بقایا 45 جلدوں کے پیسے واپس کیے؟

ج نہیں، اور جن لوگوں نے رقم واپس لینے کا اسرار کیا ان کے سامنے بھی ایسی شرائط لگا دی کہ انہیں بھی رقم واپس نہ مل سکی۔

س مرزا قادیانی نے کیا کیا دعوے کیئے؟

ج مرزا قادیانی نے بے شمار دعوے کیئے ہیں اُن میں سے چند مندرجہ ذیل ہیں:

نبی ہونے کا دعویٰ (خزائن ج 18 ص 211)

رسول ہونے کا دعویٰ (خزائن ج 18 ص 211)

محمد ہونے کا دعویٰ (خزائن ج 18 ص 207)

مسیح موعود ہونے کا دعویٰ (خزائن ج 16 ص 51)

مہدی ہونے کا دعویٰ (خزائن ج 16 ص 51)

تمام انبیاء کے مظہر اتم ہونے کا دعویٰ (خزائن ج 22 ص 76)

امین الملک جے سنگھ بہادر ہونے کا دعویٰ (تذکرہ طبع چہارم ص 568)

ہندوؤں کا کرشن اوتار ہونے کا دعویٰ (خزائن ج 20 ص 228)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



آریوں کا بادشاہ ہونے کا دعویٰ (خزائن ج 22 ص 521)

حجر اسود ہونے کا دعویٰ (تذکرہ طبع چہارم ص 29)

بیت اللہ ہونے کا دعویٰ (تذکرہ طبع چہارم ص 28)

قرآن ہونے کا دعویٰ (تذکرہ طبع چہارم ص 570)

رحمۃ للعالمین ہونے کا دعویٰ (تذکرہ طبع چہارم ص 64)

خدا ہونے کا دعویٰ (تذکرہ طبع چہارم ص 158)

خدا کی بیوی ہونے کا دعویٰ (اسلامی قربانی ٹریکٹ نمبر 34)

خدا کا باپ ہونے کا دعویٰ (تذکرہ طبع چہارم ص 554)

س انبیاء کرام علیہم السلام پر کون وحی لاتا تھا؟

ج انبیاء کرام علیہم السلام پر حضرت جبریل علیہ السلام وحی لاتے تھے

س مرزا قادیانی پر وحی لانے والے فرشتوں کے نام کیا ہیں؟

ج شیر علی فرشتہ (تذکرہ ص 24)

مرزا غلام قادر فرشتہ (تذکرہ ص 151)

خیراتی فرشتہ (تذکرہ ص 23)

مٹھن لال فرشتہ (تذکرہ ص 474)

ٹیچی ٹیچی فرشتہ (تذکرہ ص خزائن جلد 22 ص 346)

حفیظ فرشتہ (تذکرہ ص 643)

درشنی فرشتہ (ملفوظات جلد چہارم ص 69)

س انبیاء کرام علیہم السلام پر وحی کس زبان میں نازل ہوتی ہے نیز یہ بات قرآن مجید کی کس آیت سے ثابت ہے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج ان کی اپنی قوم کی زبان میں جیسے محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عربی میں تشریف لائے تو آپ کو وحی (قرآن) بھی عربی میں نازل ہوئی۔ قرآن مجید میں اللہ پاک فرماتے ہیں

”وَمَا اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ“

(سورۃ ابراہیم)

س مرزا قادیانی کی زبان کون سی تھی؟

ج مرزا قادیانی کی زبان پنجابی تھی۔

س مرزا قادیانی پر وحی کون سی زبان میں نازل ہوئی؟

ج بہت سی زبانوں میں جیسے انگریزی، اُردو، پنجابی، عربی، فارسی، سنسکرت، وغیرہ۔

س مرزا قادیانی کے چند انگریزی الہامات ذکر کریں؟

جواب I Love You. (تذکرہ ص196)

I Shall help you. (تذکرہ ص196)

He Halts in the zilla Peshawar. (تذکرہ ص196)

I am with you. (تذکرہ ص196)

س مرزا قادیانی کے چند پنجابی الہامات ذکر کریں؟

ج واللہ! واللہ سدھا ہویا اولا (تذکرہ ص631)

پٹی پٹ گئی! یعنی پٹی تباہ ہو جائے گی۔ (تذکرہ ص681)

س مرزا قادیانی کے چند الہامات ایسے ذکر کریں جن کی سمجھ مرزا قادیانی کو بھی نہیں آئی؟

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com

ج پریشن، عمر، براطوس یا پلاطوس

(تذکرہ ص 91)

غثم لہ

(تذکرہ ص 266)

ایلی اوس

www.kitabosunnat.com

(تذکرہ ص 71)

مرزا قادیانی پر گنتی بھی نازل ہوتی تھی جو یہ ہے۔

"۲۸ـ۲۷ـ۱۴ـ۲ـ۲۷ـ۲ـ۲۶ـ۲ـ۲۸ـ۱ـ۲۳ـ۱۵ـ۱۱

۱ـ۲ـ۲۷ـ۱۴ـ۱۰ـ۱ـ۲۸ـ۲۷ـ۴۷ـ۱۶ـ۱۱ـ۴۴ـ۱۴ـ۱۱

۷ـ۱ـ۵ـ۴۴ـ۳۳ـ۴۴ـ۱۱ـ۱۴ـ۷ـ۲۳ـ۱۴ـ۱ـ۱

۱۴ـ۵ـ۲۸ـ۷ـ۴۴ـ۱ـ۷ـ۴۴ـ۱۱ـ۱۶ـ۷ـ۲ـ۱ـ۷ـ۵ـ۱ـ۱۴ـ۱

۱۴ـ۲ـ۲۸ـ۱ـ۷"

یہ اعداد اور ان کے اندر کی چابی معلوم نہیں کیا ہے۔

(تذکرہ ص 157)

س اسلام میں شرم وحیا کو کیا مقام حاصل ہے؟

ج شرم وحیا کو ایمان کا حصہ قرار دیا گیا ہے۔

س کیا انبیاء بے حیائی اور حیا سوز باتیں کرتے ہیں؟ (نعوذ باللہ)

ج نہیں انبیاء تو کجا ایک عام مسلمان بھی بے حیائی سے بچتا ہے۔

س مرزا قادیانی حیاء کے معاملے میں کیسا تھا؟

ج مرزا قادیانی نے اپنی حکم سے ایسی حیا سوز تحریریں لکھی ہیں کہ قادیانی بھی اُن

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تحریروں کو اپنی عورتوں کے سامنے نہیں پڑھ سکتے۔

س مرزا قادیانی نے اپنی کون سی کتاب میں ایسی تحریریں لکھیں صرف حوالے نقل کریں۔

ج (خزائن ج 23 ص 114، خزائن جلد 21 ص 196، خزائن جلد 21 ص 193)

س مرزا قادیانی کے خدمت کن کے سپرد تھی؟

ج عورتوں کے سپرد تھی۔

س جو عورتیں مرزا قادیانی کی خدمت پر مامور تھیں چند عورتوں کے نام لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ج | عائشہ (عمر پندرہ سال) | (الفضل 20 مارچ 1928ء) |
| | بھانو | (سیرت المہدی ج 3 ص 210) |
| | زینب بیگم | (سیرت المہدی ج 3 ص 273) |
| | رسول بی بی | (سیرت المہدی ج 3 ص 213) |
| | اہلیہ بانو شاہ دین | (سیرت المہدی ج 3 ص 213) |

س مرزا قادیانی کو کس خادمہ کی پاؤں دبانے کی خدمت بہت پسند تھی؟

ج ''عائشہ'' نامی خاتون کی۔ (طبع چہارم ص 159)

س مرزا قادیانی عبادت وریاضت میں کتنا حریص تھا؟

ج مرزا قادیانی عبادت وریاضت سے بالکل کورا تھا۔

س کیا مرزا قادیانی نے حج کیا یا کبھی زکوۃ دی؟

ج نہیں مرزا قادیانی کو ساری زندگی حج نصیب نہیں ہوا اور نا ہی کبھی زکوۃ دی۔

(سیرت المہدی ج 3 ص 119)

'' محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ ''

www.KitaboSunnat.com



س کیا مرزا قادیانی نے کبھی اعتکاف کیا؟

ج نہیں مرزا قادیانی نے ساری زندگی میں کبھی اعتکاف نہیں کیا۔

(سیرت المہدی ج3 ص119)

س مرزا قادیانی نے ایک دفعہ فرض روزہ توڑ دیا تھا بتایئے وہ کس طرح؟

ج ایک مرتبہ لدھیانہ میں دل گھٹنے کا دورہ پڑا تو باوجود غروب کے وقت کے قریب ہونے کے مرزا قادیانی نے فوراً روزہ توڑ دیا۔ (سیرت المہدی ج3 ص131)

س مرزا قادیانی نے ایک مرتبہ جمعہ کی نماز چھوڑ دی، بتایئے کیوں؟

ج مرزا قادیانی کا لڑکا مرزا مبارک احمد بیمار تھا مرزا قادیانی اس کے پاس بیٹھ گیا اور جمعہ چھوڑ دیا۔ (ذکر حبیب ص172)

س مرزا قادیانی جب گھر نماز پڑھاتا تو مقتدی کون ہوتا تھا؟

ج مرزا قادیانی کی بیوی مبارکہ بیگم۔ (سیرت المہدی ج3 ص131)

س مرزا قادیانی نماز کے لیے اپنی بیوی کو کہاں کھڑا کرتا۔

ج مرزا قادیانی نماز کے لیے اپنی بیوی کو اپنی دائیں طرف کھڑا کرتا تھا۔ (سیرت المہدی ج3 ص131)

س عورت کو نماز میں کہاں کھڑا کرنا چاہیے اور اگر عورت امام کے ساتھ کھڑی ہو کر جماعت سے نماز پڑھے تو نماز ہو جاتی ہے؟

ج امام سے پیچھے الگ کھڑی ہو، اگر عورت امام کے ساتھ کھڑی ہو گی تو مرد کی نماز نہیں ہو گی۔

س مرزا قادیانی نے ایک دفعہ منہ میں پان رکھ کر نماز پڑھی بتایئے دوران نماز

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



پان منہ میں کیوں رکھا؟

ج کھانسی کی وجہ سے دورانِ نماز پان منہ میں پان رکھا۔ (سیرت المہدی ج3 ص103)

س کیا مرزا قادیانی روزے رکھتا تھا؟

ج نہیں مرزا قادیانی روزے نہیں رکھتا تھا۔ (سیرت المہدی ج 2 ص 66,65)

س مرزا قادیانی کو قرآن مجید کی بڑی سورتوں میں سے کتنی سورتیں یاد تھیں؟

ج کوئی بڑی سورت یاد نہ تھی۔ (سیرت المہدی ج3 ص44)

س کیا مرزا قادیانی نماز میں امامت کرواسکتا تھا؟

ج نہیں مرزا قادیانی امام بننے کے لائق نہ تھا۔

س سچے اور جھوٹے مدعی نبوت میں اخلاقی اعتبار سے کیا فرق ہے؟

ج سچے مدعی سخت مخالفت پر بھی اخلاق کا دامن نہیں چھوڑتے جب کہ جھوٹا مدعی اپنے مخالفین کی مخالفت سے گھبرا کر جلد ہی سب وشتم اور گالی گلوچ پر اتر آتا ہے۔

س کیا انبیاء علیہم السلام اپنے نہ ماننے والوں کو گالی گلوچ دیتے ہیں؟

ج نہیں ہرگز نہیں بلکہ وہ اُن کیلئے ہدایت کی دعا کرتے ہیں۔

س مرزا قادیانی اپنے مخالفین کے ساتھ کیا رویہ اپناتا تھا؟

ج اپنے مخالفین کو گالیاں دینے لگتا تھا۔

س مرزا قادیانی نے کن کو گالیاں دی ہیں؟

ج مرزا قادیانی نے ہر اُس شخص اور مذہب کو گالیاں دی جنہوں نے مرزا قادیانی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



کی مخالفت کی۔

س اہل اسلام کے بارے میں مرزا قادیانی نے کیا خرافات بکیں ہیں چند نقل کریں؟

ج مرزا قادیانی لکھتا ہے مجھے نہ ماننے والے کنجریوں کی اولاد ہیں (خزائن ج5 ص547)

دشمن ہمارے بیابانوں کے خنزیر ہو گئے اور ان کی عورتیں کتیوں سے بڑھ گئیں۔(خزائن ج14 ص53)

س مرزا قادیانی نے مسلمانوں کے کس طبقے کو بطور خاص اپنی گالیوں کا نشانہ بنایا؟

ج حضرات علماء کرام اور صوفیاء کرام کو۔

س مرزا قادیانی نے علماء کرام، صوفیا کرام کو کیوں گالیاں نکالیں؟

ج حضرت علماء کرام لوگوں کو مرزا قادیانی کے دجل وفریب سے آگاہ کر کے اس کا اصلی چہرہ لوگوں کو دکھاتے تھے۔

س مرزا قادیانی نے جو علماء کرام اور صوفیاء کرام کو گالیاں دیں چند ذکر کریں؟

ج بعض پلید دل مولوی اور بعض اخبار والے انہیں شیاطین میں سے تھے۔ (خزائن ج11 ص288)

ان بدبخت مولویوں نے علم تو پڑھا تو مگر عقل اب تک نزدیک نہیں آئی۔(خزائن ج11 ص295)

بعض جاہل سجادہ نشین اور فقیری اور مولویت کے شتر مرغ۔(خزائن ج11 ص302)

اے مردار خور مولویو! اور گندی روحو تم پر افسوس۔ اے اندھیرے کے کیڑو۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



(خزائن ج 11 ص 305)

س مرزا قادیانی نے اپنے دعووں کی صداقت کے لیے کیا دلائل دیئے ہیں؟

ج مرزا قادیانی نے اپنے دعوے کو ثابت کرنے کے لیے بہت سی جھوٹی حدیثیں گھڑی ہیں:

س نبی پاک ﷺ کی طرف غلط بات منسوب کرنے والے کے لیے کیا وعید ہے:

ج ایسے شخص کو جہنم کی وعید سنائی گئی ہے، حدیث شریف میں ہے:

مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّداً فَلْيَتَبَوَّءْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ (متفق علیہ)

ترجمہ: جو مجھ پر (جان بوجھ کر) افتراء کرے اسے چاہیے کہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنا لے۔

س مرزا قادیانی نے جب مسیح موعود ہونے کا جھوٹا دعویٰ کیا تو علماء نے اس پر کفر کا فتویٰ لگا دیا بتائیں مرزا قادیانی نے ایسے وقت حدیث کے بارے میں کیا بہتان لگایا:

ج مرزا قادیانی نے لکھا ہے:

حدیثوں میں صاف طور پر یہ بھی بتلایا گیا ہے کہ مسیح موعود کی تکفیر ہو گی اور علمائے وقت اس کو کافر ٹھہرائیں گے۔ (خزائن ج 17 ص 213)

س مرزا قادیانی کے دعویٰ مسیحیت کے وقت سے علماء نے اس کے خارج از اسلام اور واجب القتل ہونے کے فتوے جاری کیے تو اس پر مرزا قادیانی نے قرآن و حدیث پر کیا افتراء کیا؟

ج مرزا قادیانی نے لکھا:

لیکن ضرور تھا کہ قرآن کریم اور احادیث کی وہ پیش گوئیاں پوری ہوتیں جن

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



میں لکھا تھا کہ مسیح موعود جب ظاہر ہوگا تو اسلامی علماء کے ہاتھ سے دکھ اٹھائے گا وہ اس کو کافر قرار دیں گے اور اس کے قتل کے لیے فتوی دیئے جائیں گے اور اس کی سخت توہین کی جائے گی اور اس کو دائرہ اسلام سے خارج اور دین کا تباہ کرنے والا خیال کیا جائے گا۔ (خزائن ج 17 ص 404)

س مرزا قادیانی نے قرآن و حدیث کا نام لے کر جو جھوٹ بولے وہ اکٹھے کس کتاب میں ملیں گے؟

ج یہ جھوٹ مولانا نور محمد خان سہارنپوری رحمہ اللہ کی کتاب کذبات مرزا میں یکجا کیے گئے ہیں جن کی تعداد 3 سو کے قریب ہے۔

س جھوٹ بولنے والے کے بارے میں قرآن مجید کیا کہتا ہے؟

ج قرآن نے جھوٹ بولنے والے کو لعنت کا مستحق گردانا ہے ارشاد خداوندی ہے:

"لَعنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْكَاذِبِيْنَ" (القرآن)

ترجمہ: اللہ کی لعنت ہے جھوٹوں پر۔

س حدیث پاک میں جھوٹ کو کس چیز کی علامت قرار دیا گیا ہے؟

ج منافقت کی۔

س کیا مرزا قادیانی کو جھوٹ بولنے کی عادت تھی؟

ج جی ہاں! مرزا قادیانی نے اپنی کتابوں میں بہت سے جھوٹ لکھے ہیں جن کی تعداد سینکڑوں میں ہے۔

س مرزا قادیانی کا کوئی ایسا جھوٹ بیان کریں جو اس کے کذب کا منہ بولتا ثبوت ہو۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب مرزا قادیانی نے کہا:

ہم مکہ میں مریں گے یا مدینہ میں۔

جبکہ مرزا قادیانی کو لاہور میں احمدیہ بلڈنگ کی لیٹرین میں موت آئی۔

س مرزا قادیانی کا چھڑی والا واقعہ کیا ہے؟

ج مرزا قادیانی نے ایک مرتبہ اپنی چھڑی دوسرے آدمی کو پکڑائی جب چھڑی دی گئی تو کہنے لگا یہ چھڑی کس کی ہے بتایا گیا کہ آپ ہی کی ہے کہا میں تو سمجھا تھا میری نہیں کسی اور کی ہے۔ (سیرت المہدی ج 1 ص 227)

س مرزا قادیانی کا جوتی والا واقعہ کیا ہے؟

ج ایک مرتبہ مرزا قادیانی ایک جوتا پہن کر سو گیا جب صبح اٹھا تو جوتے کو تلاش کرنے لگا اور مریدوں کو بھی جوتے کی تلاش پر لگا دیا حتی کہ پورے گاؤں میں جوتا تلاش کیا گیا لیکن نہیں ملا اتفاقاً پاؤں ہاتھ لگا تو پتہ چلا کہ جوتا پاؤں میں ہی ہے۔ (حیات النبی جلد اول ص 191)

س ایک مرتبہ چلتے ہوئے مرزا قادیانی کو جوتا نکل گیا وہ کیا واقعہ ہے؟

ج جی ہاں! ایک مرتبہ کسی جگہ جاتے ہوئے راستے میں مرزا قادیانی کا جوتا ایک پاؤں سے نکل گیا لیکن مرزا قادیانی کو اس وقت پتہ چلا جب بہت دور جا کر کسی نے یاد کرایا۔ (حیات النبی جلد اول ص 58)

س مرزا قادیانی کے کھانے پر ایک کتے نے حملہ کر دیا وہ واقعہ کیا ہے؟

ج مرزا قادیانی کی خادمہ کھانا مرزا قادیانی کے سامنے رکھ گئی، مرزا قادیانی لکھنے میں مگن تھا (شاید قبر مسیح کی تلاش میں ہو) ایک کتا آیا اور بڑی فراغت سے مرزا قادیانی کے سامنے بیٹھ کر کھانا کھایا اور سکون سے چلا گیا لیکن مرزا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



قادیانی کو پتہ نہ چل سکا۔ (سیرت مسیح موعود ص 30)

س مرزا قادیانی کے پاس ایک بہروپیا آیا تھا اس نے مرزا قادیانی کو کیا دھوکہ دیا؟

ج. ایک مرتبہ مرزا قادیانی کی مجلس میں ایک شخص آیا اور ہاتھ چوم کر ایک دھیلہ مرزا قادیانی کی نذر کر دی مرزا قادیانی نے دھیلے کو گنی (اشرفی) سمجھ کر جیب میں ڈال لیا اس وقت اور لوگ بھی نذرانے پیش خدمت کر رہے تھے جب اس شخص کو یقین ہو گیا کہ میرا دھیلہ نذرانوں میں شامل ہو گیا ہے تو مرزا قادیانی سے کہا حضور پانچ روپے نذرانہ تھا بقیہ دس روپے واپس کر دے، مرزا قادیانی نے نہایت تنگ دلی سے دس روپے واپس کر دیئے لیکن جب گھر آ کر پیسے نکال کر گننے لگا تو اشرفی تو نہ ملی البتہ دھیلہ مل گیا۔

س مرزا قادیانی کا چوزہ ذبح کرنے والا واقعہ بیان کریں؟

ج مرزا قادیانی کو گھر میں چوزہ ذبح کرنے کے لیے دیا گیا مرزا قادیانی بجائے چوزے کی گردن پر چھری چلانے کے اپنی انگلی کاٹ ڈالی اور توبہ توبہ کرتے ہوئے چوزے کو چھوڑ کر ایک طرف ہو گیا۔ (سیرت المہدی ج 2 ص 4)

س مرزا قادیانی کا گڑ اور مٹی کے ڈھیلے والا واقعہ بیان کریں؟

ج مرزا قادیانی کو شیرینی سے بہت پیار تھا اس لیے مرزا قادیانی اپنی ایک جیب میں گڑ کے ڈھیلے جب کہ دوسری جیب میں مٹی کا ڈھیلہ رکھتا تھا بعض دفعہ ایسا ہوتا تھا کہ گڑ کے ڈھیلے سے استنجا کر لیتا اور مٹی کا ڈھیلہ کھا لیتا تھا۔

(حالات مرزا از معراج الدین مرزائی ملحقہ براہین احمدیہ، ص 67)

س مرزا قادیانی کس طرح جوتا پہنتا تھا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج مرزا قادیانی دائیں پاؤں کا جوتا بائیں میں اور بائیں پاؤں کا جوتا دائیں میں پہنتا تھا۔ (سیرت المہدی جلد اول ص 53)

س کیا مرزا قادیانی کو گھڑی دیکھنا آتی تھی؟

ج نہیں، مرزا قادیانی کو گھڑی دیکھنا نہیں آتی تھی۔ (سیرت المہدی ص 162)

س مرزا قادیانی جراب کیسے پہنتا تھا؟

ج مرزا قادیانی بعض دفعہ جب جراب پہنتا تو جراب کی ایڑی نیچے کی بجائے اوپر کی طرف ہو جاتی تھی۔ (سیرت المہدی ج2 ص58)

س مرزا قادیانی قمیص، صدری کے کاج کے بٹن کیسے لگاتا تھا؟

ج مرزا قادیانی نیچے کے کاج کا بٹن اوپر والے کاج میں اور اوپر والا کاج کا بٹن نیچے والے کاج میں لگا دیتا تھا۔ (سیرت المہدی ج2 ص58)

س مرزا قادیانی کس چیز کو سیاہی کے لیے بطور دوات استعمال کرتا تھا؟

ج مرزا قادیانی نے جوتے کی دوات بنا رکھی تھی۔ (سیرت المہدی)

س مرزا قادیانی کھانا کون سے ہاتھ سے کھاتا تھا؟

ج بائیں (الٹے) ہاتھ سے۔ (سیرت المہدی ج اول ص198)

س مرزا قادیانی کھانا کیسے کھاتا تھا؟

ج مرزا قادیانی روٹی کھاتا جاتا اور ساتھ ساتھ ایک طرف روٹی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرتا جاتا جب کھانا کھا لیتا تو ایک طرف اُن ٹکڑوں کا ڈھیر جمع ہو چکا ہوتا۔ (سیرت المہدی حصہ اول)

س مرزا قادیانی کو مرض پیشاب بھی تھا بتائیں مرزا قادیانی دن میں کتنی مرتبہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



پیشاب کرتا تھا؟

ج مرزا قادیانی ایک دن رات میں سوسو مرتبہ بھی پیشاب کرتا تھا۔(نزول مسیح ص235)

س مرزا قادیانی رات کو سوتے وقت کون سا لباس استعمال کرتا تھا نیز اس میں کون سا ازار بند استعمال کرتا تھا اور کس لیے استعمال کرتا تھا؟

ج مرزا قادیانی رات کو سوتے وقت غرارہ استعمال کرتا تھا اور اس میں ریشی ازار بند استعمال کرتا تھا تاکہ پیشاب کرنے میں سہولت رہے۔

(تذکرۃ المہدی ص17/سیرت المہدی جلد اول)

س مرزا قادیانی کی وہ کون سی بیماری تھی جس کی وجہ سے مرزا قادیانی کا اپنا خیالات وجذبات پر قابو نہیں رہتا تھا۔

ج مرض ہسٹریا۔ (سیرت المہدی جلد اول ص13)

س مرزا قادیانی کا حافظہ کیسا تھا؟

ج مرزا قادیانی کا حافظہ نہایت ابتر تھا کئی دفعہ ملاقات کے بعد بھی بھول جاتا تھا۔(مکتوبات احمدیہ پنجم نمبر3 ص31)

س وہ کون سی بیماری تھی جس نے مرزا قادیانی کو لیٹرین کا دیوانہ بنا دیا تھا؟

ج پیچس۔کثرت پیشاب (براہین احمدیہ ج پنجم ص201)

س مرزا قادیانی کو آنکھوں کی کون سی بیماری تھی؟

ج مائی اوپیا کی بیماری تھی۔ (سیرۃ المہدی ج3 ص119)

س وہ کون سی بیماری تھی جو مرزا قادیانی کو ڈانس کرواتی تھی؟

ج خارش کی بیماری (سیرۃ المہدی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج3 ص53)

س مرزا قادیانی کو کتنے امراض لاحق تھے؟

ج مرزا قادیانی ایک دائم المرض آدمی تھا اس کی بیماریوں کو گننا آسان کام نہیں ہے۔

س مرزا قادیانی کے کوئی سے پانچ امراض بتائیں؟

ج دق۔سل۔دوران سر۔ذیابیطس۔نامردی

س ایک دفعہ مرزا قادیانی کے کیل داڑھ نکل آئی بتائیے اس کا کیا علاج کیا گیا؟

ج مرزا قادیانی کو لٹا کر منہ کھول کر ریتی سے داڑھ کی رگڑائی کی گئی۔

س مرزا قادیانی کو ایک دفعہ سخت بخار ہوا بتائیے اس کا کیا علاج کیا گیا؟

ج قادیان کے چھپڑ کا گارا الذکر بدن پر ملا گیا (سیرت مہدی)

## تحاریکِ ختم نبوت کا تعارف

س پاکستان میں ختم نبوت کی کتنی تحریکیں چلیں اور یہ تحریکیں کون کون سے سن میں چلیں؟

ج پاکستان میں کل تین تحریکیں چل چکی ہیں۔پہلی تحریک 1953ء، دوسری 1974ء اور تیسری تحریک 1984ء میں چلائی گئی۔

س تحریک تحفظ ختم نبوت 1953ء کیوں چلائی گئی؟

ج پاکستان میں مرزائیوں کی بڑھتی ہوئی اسلام اور ملک دشمنی کی وجہ سے تحریک چلائی گئی۔

س 1952ء میں بلوچستان میں قادیانی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے مرزا بشیر الدین محمود نے کیا بات کہی جس پر ملک بھر میں احتجاج شروع ہوئے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج مرزا بشیرالدین محمود نے کہا:

ہم عنقریب بلوچستان کو احمدی صوبہ بنا دیں گے۔

س ''ژوب'' وہ شہر ہے جس میں قادیانیوں کا داخلہ قانونی طور پر بند ہے بتائیے یہ شہر پاکستان کے کس صوبہ میں ہے؟

ج پاکستان کے صوبہ بلوچستان میں۔

س 1953ء کی تحریک میں مسلمانوں کی طرف سے کیا مطالبات حکومت کے سامنے رکھے گئے؟

ج حکومت پاکستان کے سامنے تحریک کی طرف سے تین مطالبات رکھے گئے:

۱۔ قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دیا جائے

۲۔ سر ظفر اللہ خان قادیانی کو وزیر خارجہ کے عہدے سے ہٹایا جائے۔

۳۔ قادیانیوں کو کلیدی عہدے سے ہٹایا جائے۔

س وزیر خارجہ ظفر اللہ خان کون تھا؟

ج ظفر اللہ خان بہت غالی قادیانی تھا جس کو انگریز پاکستان بننے کے اپنے ٹاؤٹ کے طور پر پاکستان میں چھوڑ گیا اسی نے بیرون ممالک میں قادیانیت کو پھیلانے میں بڑا حصہ لیا۔

س آل مسلم پارٹیز کی طرف سے پہلے مطالبے کے جواب میں خواجہ ناظم الدین (وزیر اعظم پاکستان) نے کیا جواب دیا؟

ج حکومت نے کہا: اگر ظفر اللہ خان قادیانی کو وزارت خارجہ کے عہدہ سے معزول کیا گیا تو امریکہ پاکستان کو گندم نہ دے گا۔

س اس تحریک کو کچلنے کے لیے حکومت نے کیا اقدامات اختیار کیے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج تحریک کو کچلنے کے لیے حکومت نے تحریک کے رہنماؤں کو گرفتار کر کے جیل میں ڈال دیا اور عوام کے پرامن جلسے جلسوں میں فائر کھول دیئے گئے۔

س تحریک 1953ء میں لاہور کے آفیسر کمانڈنگ ونگ تھا جس کے حکم پر عوام پر اندھا دھند گولیاں برسائیں گئیں۔

ج جنرل اعظم خان

س تحریک 1953ء میں فوج کے ساتھ کن لوگوں نے مل کر مجاہدین ختم نبوت پر گولیاں برسائیں؟

ج فوج کے ساتھ ساتھ قادیانی بھی جیپوں میں آتے اور عوام کے جلسوں پر اندھا دھند فائرنگ کرتے اور فرار ہو جاتے۔

س تحریک تحفظ ختم نبوت 1953ء میں کل کتنے مسلمان شہید ہوئے؟

ج دس ہزار سے زائد مسلمان شہید ہوئے۔

س تحریک 1953ء میں کس شہر میں دس ہزار مسلمانوں نے جام شہادت نوش کیا اور تحریک میں کتنے قادیانی مرے؟

ج لاہور شہر میں اور اس تحریک میں ایک بھی قادیانی کو نقصان نہیں پہنچا۔

س تحریک 1953ء میں ماں بیٹے کا ایمان افروز کیا واقعہ پیش آیا، بیان کریں؟

ج ایک بوڑھی ماں اپنے اکلوتے بیٹے کی بارات لے کر جا رہی تھی لیکن گولیاں چلنے کی آواز سن کر بارات رکوا دی اور پوچھا یہ آواز کیسی، بتایا گیا کہ تحریک چل رہی ہے فوراً بیٹے کے پاس آئی اور کہا بیٹا میں نے تجھے دودھ آج کے دن کے لیے پلایا تھا، جا اپنے نبی کی ذات پر قربان ہو جاؤ، میں جنت میں تیری شادی کروں گی اور اس میں محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مدعو کروں گی۔ سعادت مند بیٹا گیا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اور نعرہ ختم نبوت لگا کر پیغمبر ﷺ کی ذات پر قربان ہو گیا۔

س تحریک تحفظ ختم نبوت 53ء میں نوجوان طالب کا ایمان افروز کیا واقعہ ہے بیان کریں؟

ج ایک طالب علم کتابیں ہاتھ میں لیا کالج جا رہا تھا کہ تحریک کی خبر ملنے پر کتابیں رکھ کر جا کر تحریک میں شامل ہو گیا۔ کسی نے پوچھا یہ کیا فرمایا ہمیشہ عشق رسول ﷺ پڑھتا رہا آج عمل کرنے جا رہا ہوں گیا گولی آئی ران پر لگی تو کہنے لگا ظالم عشق تو دل میں ہے یہاں گولی مار کہ قلب وجگر کو سکون ملے۔

س تحریک تحفظ ختم نبوت 53ء میں ایک بوڑھا اور اس کا پوتا بھی شہید ہوئے اس خوش قسمت دادا پوتے کا واقعہ بیان کریں؟

ج تحریک کے دوران ختم نبوت زندہ باد نعرہ لگانے پر پابندی تھی کہ عصر کے وقت ایک اسی سالہ بوڑھا اپنے پانچ سالہ معصوم بچے کو کندھے پر اٹھائے ہوئے روڈ پر آیا، بوڑھے نے نعرہ لگایا ختم نبوت، معصوم بچے نے نعرے کے جواب میں کہا زندہ باد۔ ایک گولی آئی اور بوڑھے کے سینے کے پار ہو گئی اور دوسری بچے کے۔

س تحریک تحفظ ختم نبوت 53ء میں کتنے افراد نے قید و بند کی صعوبتیں برداشت کیں اور اس تحریک سے کتنے مسلمان متاثر ہوئے؟

ج ایک لاکھ مسلمانوں نے اور دس لاکھ مسلمان اس تحریک سے متاثر ہوئے۔

س تحریک تحفظ ختم نبوت 53ء میں کن کن بزرگ شخصیات نے حصہ لیا؟

ج امیر شریعت عطاء اللہ شاہ بخاری رحمہ اللہ، مولانا محمد علی جالندھری رحمہ اللہ، مولانا غلام غوث ہزاروی رحمہ اللہ، مولانا ابو الحسنات محمد احمد قادری رحمہ اللہ،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



علامہ احمد سعید کاظمی رحمہ اللہ، آغا شورش کاشمیری رحمہ اللہ، مفتی محمد حسن صاحب، مولانا قاضی احسان احمد شجاع آبادی رحمہ اللہ، حضرت شاہ عبد القادر رائے پوری رحمہ اللہ، حضرت مولانا ابو السعد احمد خان رحمہ اللہ، مولانا لال حسین اختر صاحب۔

س پاکستان میں ختم نبوت کے تحفظ کے لئے دوسری تحریک کب چلائی گئی۔

ج جون 1974ء میں۔

س تحریک 1974ء کے چلنے کا کیا سبب بنا؟

ج 29 مئی 1974 کو نشتر میڈیکل کالج کے سٹوڈنٹس کو قادیانی غنڈوں نے چناب نگر (سابقہ ربوہ) اسٹیشن پر مارا اور انتہائی ظلم کرتے ہوئے سخت زخمی کر دیا جس کے جواب میں تحریک کا آغاز کیا گیا۔

س نشتر میڈیکل کالج کے کتنے مسلمان طلباء پر قادیانی غنڈوں نے تشدد کیا؟

ج 16 مسلمان طلباء پر۔ www.kitabosunnat.com

س قادیانی غنڈوں نے ان طلباء پر کیوں ظلم وستم کیا؟

ج ان طلباء نے سیر پر جاتے ہوئے چناب نگر اسٹیشن پر ''ختم نبوت زندہ باد'' کے نعرے لگائے تھے تو واپسی پر چناب نگر اسٹیشن پر ٹرین رکوا کر ان کو مارا گیا۔

س اس حملے میں قادیانی غنڈوں کی قیادت کون کر رہا تھا؟

ج مرزا قادیانی کا پوتا مرزا طاہر (مرزائیوں کو چوتھا لیڈر)

س قادیانیوں سے ان طلباء کا انتقام لینے کا اعلان کس ہستی نے کیا؟

ج مجاہد ختم نبوت حضرت مولانا تاج محمود صاحب رحمہ اللہ

س میرے بچو! جب تک تمہارے جسم سے بہتے ہوئے خون کے ایک ایک

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



قطرے کا حساب نہیں لیں گے اس وقت تک آرام سے نہیں بیٹھیں گے؟

کس عظیم شخصیت نے طلباء کے سر پر دست شفقت رکھتے ہوئے یہ الفاظ کہے؟

www.kitabosunnat.com

ج مجاہد ختم نبوت حضرت مولانا تاج محمود صاحب رحمہ اللہ۔

س تحریک تحفظ ختم نبوت 1974ء کے وقت وزیر اعظم کون تھے؟

ج جناب ذوالفقار علی بھٹو۔

س تحریک 1974ء کا کل دورانیہ کتنا تھا؟

ج یہ تحریک آغاز سے کامیابی تک 90 روز جاری رہی۔

س مرزائیوں کو کب غیر مسلم اقلیت قرار دیا گیا؟

ج 7 ستمبر 1974ء کو نیشنل اسمبلی آف پاکستان نے مرزائیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دیا۔

س کیا مرزائی جماعت کو اسمبلی میں اپنی صفائی بیان کرنے کا موقع دیا گیا؟

ج جی ہاں بھرپور موقع دیا گیا۔

س اسمبلی میں کتنے دن تک مرزائیوں کو اپنا مؤقف اور صفائی بیان کرنے کا موقع دیا گیا؟

ج تیرہ دن تکلیکن قادیانی کو دکو مسلمان ثابت نہ کر سکے۔

س حضرت علامہ انور شاہ کاشمیری رحمہ اللہ کو فتنہ قادیانیت نے کس قدر بے قرار کر رکھا ہے؟

ج حضرت کشمیری رحمہ اللہ کو جب سے اس فتنے کے متعلق معلومات ہوئی اس وقت سے امام نے اپنی زندگی اس فتنے کے استیصال کے لیے وقف کر دی خود

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بھی اس فتنے کے خلاف تقریراً اور تحریراً کام کیا اور اپنے شاگردوں کو بھی اس فتنہ کے خلاف کام کرنے کے لیے تیار کیا۔ حضرت رحمہ اللہ خود فرمایا کرتے تھے جب یہ فتنہ کھڑا ہوا تو چھ ماہ تک مجھے نیند نہیں آئی۔

س حضرت علامہ انور شاہ کاشمیری رحمہ اللہ نے مرض وفات میں قادیانی فتنے کے متعلق اپنے طلباء کو کن الفاظ میں نصیحت فرمائی؟

ج میں نے تاریخ اسلام کا جس قدر مطالعہ کیا ہے اس کی بناء پر پورے وثوق سے کہتا ہوں کہ فتنہ قادیانیت سے بڑھ کر کوئی ارتداد کا فتنہ ظاہر نہیں ہوا مسلمانو! اس فتنے کے خلاف اپنی ساری قوتیں صرف کر ڈالو یہ ایسا جہاد ہے جس کا بدلہ جنت ہے اور میں اس بدلے کا ضامن بنتا ہوں۔

س علامہ انور شاہ کاشمیری رحمہ اللہ کو تین مرتبہ نبی پاک ﷺ کی زیارت ہوئی، آپ ﷺ نے علامہ کشمیری کو کس کام کی طرف متوجہ کیا؟

ج ایک مرتبہ فرمایا کہ تیس سال کے عرصہ میں دس دس سال کے وقفہ سے میں نے تین مرتبہ رحمت عالم ﷺ کی زیارت کی آپ ﷺ ہر مرتبہ توجہ دلاتے تھے کہ: ختم نبوت کی حفاظت کرو اور قادیانی فتنہ کو نیست و نابود کرنے کی ہر ممکن سعی کی جائے۔

س اگر قیامت کے روز حضور ﷺ نے یہ سوال کر لیا کہ میری ختم نبوت کا مقدمہ پیش تھا، تجھے طلب کیا گیا اور تو نہیں گیا تو میں کیا جواب دوں گا؟ موت تو آنی ہی ہے اگر اسی راستہ میں آ گئی تو اس سے بہتر اور کیا ہوگا۔

یہ قول کس بزرگ ہستی کا ہے اور انہوں نے کس موقع پر فرمایا:

ج جب بہاولپور عدالت میں مسلمانوں اور قادیانیوں کے مابین مقدمہ چلا تو۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



مسلمانوں کی وکالت کے لیے علامہ انور شاہ کشمیری کو عدالت میں بیان دینے کے لیے بلایا گیا آپ سخت علیل تھے جس کی وجہ سے آپ کو جانے سے روکا گیا، تو اس موقع پر آپ نے یہ ارشاد فرمایا اور مقدمہ کیلئے تشریف لے گئے۔

س حضرت مولانا حسین علی صاحب نقشبندی رحمہ اللہ نے علامہ انور شاہ کشمیری رحمہ اللہ کی قبر پر مقبرے کے دوران آپ سے کیا گفتگو کی؟

ج آپ بڑی دیر تک علامہ کشمیری رحمہ اللہ کی قبر پر مراقب رہے اور بہت لمبی گفتگو فرمائی، پوچھا کیا نجات کیلئے کون سا عمل کام آیا؟ جواب میں علامہ کشمیری رحمہ اللہ نے فرمایا میں نے ختم نبوت کے لیے جو کام کیا تھا وہ میرے لیے وسیلہ نجات بن گیا۔ فرمایا کہ عالم قبر میں آ کر مجھ پر یہ بات کھلی کہ ختم نبوت کی حفاظت وصیانت کے لیے کام کیا جائے تو اس سے بڑھ کر اللہ تعالیٰ کے ہاں کوئی عمل مقبول نہیں۔

س ہم سے تو گلی کا کتا بھی اچھا ہے ہم اس سے بھی گئے گزرے ہیں وہ اپنی گلی و محلے کا حق نمک خوب ادا کرتا ہے جب کہ ہم حق غلامی و امتی ادا نہیں کرتے، یہ کس کا قول ہے؟

ج علامہ انور شاہ کاشمیری رحمہ اللہ کا۔

س قادیانی فتنہ کے قلع قمع کے لیے سب سے پہلے جماعتی عملی اقدامات کس ہستی نے کیا؟

ج علامہ انور شاہ کشمیری رحمہ اللہ نے۔

س حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب رحمہ اللہ 1890ء میں مدینہ منورہ قیام پذیر ہونے کے ارادے سے گئے لیکن واپس ہندوستان تشریف لے آئے اُن کی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



واپسی کا کیا سبب بنا؟

ج مدینہ منورہ آپ کو خواب میں رسول پاک ﷺ کی زیارت ہوئی آپ ﷺ نے پوچھا مہر علی یہاں کیسے عرض کیا بقیہ زندگی آپ کے پاس گزارنا چاہتا ہوں فرمایا مہر علی ہندوستان میں مرزا قادیانی میری احادیث کو تاویل کی قینچی سے کاٹ رہا ہے واپس ہندوستان جا کر فتنہ قادیانیت کا مقابلہ کرو، چنانچہ اس حکم کے بعد پیر صاحب واپس ہندوستان تشریف لے آئے اور بقیہ زندگی فتنہ قادیانیت کی تردید میں گزاری۔

س 1974ء کی تحریک کے دوران حضرت مولانا عبداللہ درخواستی رحمہ اللہ نے کیا خواب دیکھا، بیان فرمائیں؟

ج 1974ء کی تحریک کے سلسلے میں علماء کا ایک وفد جس میں آپ بھی شامل ہیں، شاہ فیصل سے ملنے گیا، ملاقات کے بعد آپ روضہ رسول پر حاضر ہوئے اور تحریک کی کارگزاری آپ ﷺ کو سنائی خواب میں آقا ﷺ کی زیارت ہوئی۔ تحریک کی کامیابی کی خوشخبری سنائی اور پھر فرمایا عبداللہ! پاکستان جا کر اعلان کرو کہ جس شخص نے بھی میری ختم نبوت کے تحفظ کے لیے دامے، درمے، قدمے، سخنے حتی کہ کسی بھی طریقے سے تھوڑا یا زیادہ کام لیا اللہ تعالیٰ نے سب کی بخشش فرمادی ہے؟

س ایک بزرگ نے مرزا قادیانی کی قبر پر مراقبہ کیا اور فرمایا:

مرزا قادیانی کی شکل قبر میں باولے کتے کی سی ہے اور باولے پن کا اس پر دورہ پڑا ہوا ہے۔ اس کا منہ دم کی طرف ہے بھونکتے ہوئے گول چکر کاٹ رہا ہے منہ سے نجاست نکل رہی ہے اور بار بار اپنی دم اور ٹانگوں کو کاٹتا ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



مراقبہ کرنے والے بزرگ کون تھے؟

ج آفتاب ولایت حضرت میاں شیر محمد شرقپوری رحمہ اللہ

## متفرق سوالات

س قادیانی مرزا قادیانی کی عبادت گاہ کو کیا سمجھتے ہیں؟

ج مسجد اقصیٰ (نعوذ باللہ)

س قادیانی مرزا قادیانی کے پہلے 313 مریدوں کو کیا کہتے ہیں؟

ج اصحاب بدر

س قادیانی بہشتی مقبرے سے کیا مراد لیتے ہیں؟

ج قادیانی عقیدے کے مطابق بہشتی مقبرے میں دفن ہونے والا جنتی ہے۔

س بہشتی مقبرہ کس کے مقابلے میں بنایا گیا۔

ج جنت البقیع (مدینہ منورہ کا قبرستان) کے مقابلے میں۔

س بہشتی مقبرے میں دفن ہونے کے لیے کیا شرائط ہیں؟

ج بہشتی مقبرے میں دفن ہونے کی اول شرط اپنی آمدنی کا ہر ماہ دس فیصد اور مرتے وقت اپنی کل جائیداد کا دسواں حصہ مرزائی جماعت کے نام کرنا۔

س کیا جنت البقیع میں دفن ہونے کی کوئی شرط ہے؟

ج نہیں جنت البقیع میں دفن ہونے کی کوئی شرط نہیں ہے۔

س بہشتی مقبرے میں دفن ہونے کے لیے کن افراد کو چندہ معاف ہے؟

ج مرزا قادیانی کے خاندان کو، مرزا قادیانی نے لکھا ہے کہ:

میرا خاندان اس چندہ دینے سے بری ہے جو کوئی اعتراض کرے (کہ آپکا خاندان کیوں بری) تو وہ منافق ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س بہشتی مقبرہ کہاں واقع ہے؟

ج قادیان میں۔

س مرزائیوں نے چناب نگر میں بہشتی مقبرہ کیوں بنایا جب کہ مرزا قادیانی نے تو بہشتی مقبرے کا مقام قادیان کی خاص جگہ کو قرار دیا ہے؟

ج چندے حاصل کرنے کے لیے۔

س مرزائی عقیدے کے مطابق پاکستان کی آئندہ صورت کیا ہوگی؟

ج مرزائیوں کے عقیدے کے مطابق پاکستان ایک دن تباہ و برباد ہو جائے گا اور اکھنڈ بھارت بن جائے گا۔

س ممکن ہے عارضی طور پر کچھ افتراق (علیحدگی) ہو اور کچھ وقت کے لیے دونوں قومیں (ہندو و مسلم) جدا جدا ہیں۔ مگر یہ حالت عارضی ہوگی اور ہمیں کوشش کرنی چاہیے کہ جلا دور ہو جائے بہر حال ہم چاہتے ہیں کہ اکھنڈ ہندوستان ہے۔

یہ غدارنہ پاکستان دشمنی پر مشتمل الفاظ کس قادیانی سربراہ کے ہیں؟

ج مرزا قادیانی کے لڑکے مرزائیوں کے دوسرے خلیفہ، مرزا بشیر الدین محمود کے۔

س ہم اگر ہندوستان کی تقسم پر رضا مند ہوئے تو خوشی سے نہیں بلکہ مجبوری سے اور کوشش کریں گے کہ کسی نہ کسی طرح متحد ہو جائیں بتایئے یہ مہلک جملہ کس قادیانی سربراہ کے گندے منہ سے نکلا۔

ج مرزا بشیر الدین محمود کے دہن سے۔

س ہم نے یہ بات پہلے بھی کئی بار کہی ہے اور اب بھی کہتے ہیں کہ ہمارے نزدیک

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com



پاکستان بننا اصولاً غلط ہے بتایئے یہ سوچ کس قادیانی خلیفہ کی ہے؟

ج مرزا البشیر الدین محمود کی۔

س وزیراعظم لیاقت علی خان کو کس نے قتل کرایا؟

ج وزیر خارجہ ظفر اللہ خان قادیانی نے۔

س لیاقت علی خان کے قاتل کا کیا نام تھا؟

ج کنزے۔۔ یہ ظفر اللہ قادیانی کا لے پالک لڑکا تھا۔

س لیاقت علی خان کو کیوں قتل کرایا گیا؟

ج کیونکہ وہ قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دینے والے تھے۔

س اس قادیانی وکیل کا نام بتایئے جو مسئلہ کشمیر کا وکیل بن کر سلامتی کونسل میں گیا اور وہاں پر لمبی لمبی اور بے ہودہ تقریریں کر کے اس نے مسئلہ کشمیر کا ستیاناس کر دیا؟

ج سابق وزیر خارجہ ظفر اللہ قادیانی۔

س کن لوگوں کی کوششوں سے تقسیم ہند کے وقت کشمیر ہمارے ہاتھوں سے نکلا؟

ج قادیانیوں کی کوششوں کیوجہ سے۔

س تقسیم کے وقت قادیانیوں نے خود کو کیا ظاہر کیا تھا؟

ج قادیانیوں نے خود کو مسلمانوں سے الگ مذہب کے طور پر شمار کرایا تھا تا کہ مسلمانوں کی تعداد کم ہو سکے۔

س 1971ء کی جنگ میں ڈھاکہ (مشرق پاکستان) ہم سے جدا ہو گیا بتایئے سقوط ڈھاکہ میں سب سے اہم کردار کس کا تھا اور یہ مرزا قادیانی کا کیا لگتا تھا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج ایم ایم احمد کا۔ یہ مرزا قادیانی کا پوتا تھا۔

س مشرقی پاکستان کی علیحدگی پر قادیانیوں نے کیا کیا؟

ج قادیانیوں نے سڑکوں پر نکل کر ڈانس کیا، شیرینی تقسیم کی اور آپس میں مبارکبادیں دیں۔

س کس مسلمان حکمران کی وفات پر قادیانیوں نے زیادہ خوشیاں منائیں؟

ج خادم حرمین شریفین حضرت شاہ فیصل شہید رحمہ اللہ کی وفات پر۔

س اس ملعون قادیانی ساز سائنس دان کا نام بتایئے جس نے پاکستان کے بارے میں ہرزہ سرائی کی تھی؟

میں اس لعنتی ملک پر قدم بھی نہیں رکھنا چاہتا، جب تک کہ آئین میں کی گئی ترمیم واپس نہ لی جائے۔

ج مشہور قادیانی سائنس دان ''ڈاکٹر عبدالسلام'' نے

س اس قادیانی سائنس دان کا نام بتایئے جس نے یہودیوں کی طرف سے سازش کے تحت دیئے جانے والے نوبل پرائز کو حاصل کرنے کے بعد یہ بکواس کی تھی:

میں سب سے پہلے مرزا قادیانی کا غلام ہوں، پھر مسلمان، پھر پاکستانی

ج ڈاکٹر عبدالسلام نے۔

س ڈاکٹر عبدالسلام نے اپنے نوبل پرائز کے ملنے کو کس کا انعام اور معجزہ قرار دیا؟

ج مرزا قادیانی کا۔

س دنیا کا وہ کون سا ملک ہے جہاں کسی مذہب والے کو تبلیغ کی اجازت نہیں لیکن قادیانی مشن وہاں بھی قائم ہے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج اسرائیل میں تل ابیب کے مقام پر۔

س اسرائیل کی فوج میں کتنے قادیانی بھرتی ہیں؟

ج کم از کم 600 قادیانی۔

س قادیانی اسلام اور وطن دونوں کے غدار ہیں، یہ الفاظ کس محسن ملت اسلامیہ کے ہیں؟

ج شاعر مشرق علامہ اقبال رحمہ اللہ۔

س حضرت علامہ اقبال رحمہ اللہ نے قادیانیت کو یہودیت کے ساتھ کن الفاظ سے تشبیہ دی ہے؟

ج فرمایا! قادیانیت یہودیت کا چربہ ہے۔

س پاکستان کے اس واحد ضلع کا نام بتائیں جہاں قادیانیوں کا داخلہ قانوناً بند ہے؟

ج ژوب۔ پاکستان

س مسلمان، قادیانیوں سے نفرت کیوں کرتے ہیں؟

ج کیونکہ قادیانی مرتد، زندیق اور گستاخ رسول ہیں اس لیے ہر قادیانی سے نفرت و بےزاری ہر مسلمان کی دینی غیرت کا تقاضا ہے۔

س مسلمان کیوں مطالبہ کرتے ہیں کہ قادیانیوں کو کلیدی آسامیوں سے ہٹایا جائے؟

ج کیونکہ قادیانی اسلام اور وطن کے غدار ہیں اس لیے کسی غدار کو کلیدی آسامی پر نہیں بٹھایا جاسکتا۔

س مسلمان کیوں مطالبہ کرتے ہیں کہ قادیانیوں کو افواج پاکستان سے نکالا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

جائے؟

ج کیونکہ پاک فوج کے ماٹو میں جہاد شامل ہے جب کہ قادیانیوں کا عقیدہ ہے کہ جہاد حرام ہے اور جو شخص جذبہ جہاد نہیں رکھتا اس کا افواج پاکستان سے کیا کام۔

س اس بزرگ ہستی کا نام بتائیں جنہوں نے قادیانیت کو خارش زدہ کتے سے بدتر قرار دیا؟

ج جسٹس پیر محمد کرم شاہ الازہری رحمہ اللہ۔

س مرزا قادیانی دجال تھا، دجال تھا، دجال تھا، میں اس سلسلہ میں قانون انگریزی کا پابند نہیں مین قانون محمدی کا پابند ہوں، انگریزی عدالت میں جراتمندانہ الفاظ عالم اسلام کی کس عظیم شخصیت کے ہیں۔

جواب مجاہد ختم نبوت مولانا ظفر علی خان رحمہ اللہ۔

س مرزائیوں کا چوتھا لیڈر مرزا طاہر کب لندن فرار ہوا؟

ج 1984ء میں۔

س کس مرزائی خلیفہ نے یہ بڑی ہانکی کہ عنقریب پاکستان ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے گا اور یہ ملک صفحہ ہستی سے مٹ جائے گا؟

ج مرزا طاہر نے 1985ء کے سالانہ جلسے میں خطاب کرتے ہوئے یہ ہرزہ سرائی کی۔

س چناب نگر کے قادیانی بہشتی مقبرے میں بڑے بڑے قادیانی کیوں امانتاً دفن کیے گئے ہیں؟

ج کیونکہ قادیانیوں کا مذہبی عقیدہ ہے کہ ایک نہ ایک دن پاکستان ٹوٹے گا اور

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

25233

جب پاکستان ٹوٹے گا تو ہم لاشیں یہاں سے نکال کر قادیان میں جا کر دفن کر دیں گے۔

س کس قادیانی خلیفہ نے پاکستان کو ''پاگل خانہ'' قرار دیا؟

ج قادیانیوں کے خلیفہ چہارم مرزا طاہر (نجس) نے۔

س وہ کون سا قادیانی خلیفہ تھا جو بوقت موت کتے کی طرح بھونکتا تھا؟

ج مرزا بشیر الدین محمود ابن مرزا غلام احمد قادیانی۔

س وہ کون سا قادیانی خلیفہ تھا جس کا مرض موت 10 سال سے زائد رہا۔

ج مرزا بشیر الدین محمود۔

س وہ کون سا قادیانی خلیفہ تھا جس کی زبان پر مرض لاحق ہوا جس کی وجہ سے کئی سال تک وہ بول نہ سکا؟

ج مرزا بشیر الدین محمود

س اس قادیانی خلیفہ کا نام بتائیں جس سے اقتدار چھیننے کے لیے مرزا بشیر الدین نے اس کے جوان بیٹے کو قتل کرا دیا؟

ج قادیانی خلیفہ اول حکیم نور الدین۔

س وہ کون سا قادیانی خلیفہ تھا جو گھوڑے سے گرا اور ٹانگ ٹوٹ گئی اور پھر ٹانگ کو گنگرین ہوگئی آخری وقت میں زبان بند ہوگئی اور جس سانس آخری وقت میں دھونکنی کی طرح چلتا تھا؟

ج قادیانی خلیفہ اول حکیم نور الدین۔

س مرزا قادیانی کی موت کب اور کہاں واقع ہوئی؟

ج مرزا قادیانی 26 مئی 1908ء کو برانڈرتھ روڈ لاہور میں واقع احمدیہ بلڈنگ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



کی لیٹرین میں گر کر واصل جہنم ہوا۔

س مرزا قادیانی کس دن کو منحوس کہا کرتا تھا نیز یہ بھی بتائیں کہ وہ کس دن مرا؟

ج مرزا قادیانی منگل کے دن کو منحوس کہتا تھا اور منگل ہی کے دن مرزا قادیانی کو موت آئی۔

س مرزا قادیانی کو کس مرض کی شدت میں موت آئی؟

ج ہیضہ میں۔

س مرنے کے بعد مرزا قادیانی کی کیا حالت تھی؟

ج منہ اور مقعد سے غلاظت بہہ رہی تھی۔

س کافر کی کتنی قسمیں ہیں؟

ج کافر بنیادی طور پر تین قسم کے ہوتے ہیں۔

1۔ عام کافر: یہ وہ کافر ہے جو اپنی نسبت اپنے مذہب کی طرف کرتا ہو جیسے عیسائی اپنی نسبت عیسائیت کی طرف کرتے ہوئے خود کو عیسائی، یہودی خود کو یہودی، ہندو خود کو ہندو کہتا ہے۔

2۔ مرتد: اس کافر کو کہتے ہیں جو اسلام چھوڑ کر کوئی اور مذہب اختیار کرنے اور اپنے مسلمان ہونے کا بھی انکار کر دے۔

3۔ زندیق: اس کافر کو کہتے ہیں جو پکا کافر ہو لیکن اپنے کفر کو اسلام کہتے ہوئے خود کو مسلمان کہے اور مسلمانوں کو کافر۔

س کیا اسلام میں ان تینوں کے متعلق احکامات میں فرق ہے؟

ج جی، اسلام میں ان تینوں کافروں کے احکامات جدا جدا ہیں۔

س عام کافر کے متعلق اسلام کے کیا احکامات ہیں؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ج عام کافر جیسے یہودی، عیسائی اگر اسلامی ریاست کا شہری ہے تو اس کی جان و مال کی حفاظت اسلامی سربراہ کے ذمے ہے۔ اس کے ساتھ ضروری تعلقات جائز ہیں۔

س مرتد کے متعلق اسلام کے کیا احکامات ہیں؟

ج مرتد کے متعلق اسلامی احکامات عام کافر سے مختلف اور سخت ہیں اسلامی ریاست کے ذمے ہے کہ مرتد کو پکڑے اس کے شبہات کا ازالہ کرے لیکن اگر وہ اسلام قبول نہ کرے تو تین دن کے بعد اسے قتل کر دے، شرعاً مرتد کے ساتھ کسی طرح کا بھی تعلق رکھنا حرام اور حرام قطعی ہے۔

س اسلام میں زندیق کے کیا احکامات ہیں؟

ج زندیق کے لیے مرتد والے احکامات ہیں مگر یہ کہ زندیق کو اس کے شکوک و شبہات کے ازالے کے لیے کسی بھی قسم کی مہلت نہیں دی جاتی اور ریاست اسلامی کے سربراہ کے ذمے ہے کہ جہاں زندیق کو پائے قتل کر دے۔

س قادیانی ان تین قسم کے کافر میں سے کون سا کافر ہے؟

ج ہر ہر قادیانی زندیق ہے کیونکہ خود کو مسلمان اور مسلمانوں کو کافر کہتے ہیں۔

س عام کافر جیسے یہودی، عیسائی اور قادیانی کافر میں کیا فرق ہے؟

ج یہودی، عیسائی اور قادیانی کافر کے درمیان بہت فرق ہے:

یہودی، عیسائی وغیرہ یہ مذہب کے بارے میں دھوکہ نہیں دیتے جب کہ قادیانی دھوکے باز کافر ہے۔

یہودی اور عیسائی اپنی نسبت اپنے مذہب کی طرف کرتے ہوئے خود کو عیسائی اور یہودی اور مسلمانوں کو مسلمان کہتے ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جبکہ قادیانی پکا کافر ہونے کے باوجود دھوکہ دیتے ہوئے خود کو مسلمان اور سارے مسلمانوں کو کافر کہتے ہیں۔

یہودی حضرت موسیٰ علیہ السلام کو جب کہ عیساء حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو نبی مانتے ہیں اور یہ حضرات اللہ تعالیٰ کے سچے نبی اور رسول تھے۔

جب کہ مرزائی۔۔۔ مرزا قادیانی کو نبی مانتے ہیں اور اس نے نبوت کا جھوٹا دعویٰ کیا تھا۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور حضرت موسیٰ علیہ السلام دونوں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے تشریف لائیں۔

جب کہ مرزا قادیانی نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد نبوت کا جھوٹا دعوی کیا۔

س قادیانیوں کے ساتھ تعلقات وغیرہ کے حوالے سے اسلامی احکامات کیا ہیں؟

ج مرزائیوں کے ساتھ شادی بیاہ میں شرکت، تجارتی لین دین، سلام وکلام، اٹھنا بیٹھنا غرض ہر طرح سے تعلق حرام اور حرام قطعی ہے۔

س قادیانیوں کے ساتھ تعلقات رکھنے والے کے بارے میں امت کا کیا فتویٰ ہے؟

ج ایسا شخص فاسق وفاجر اور مستحق عذاب الیم ہے۔

س حضرت خواجہ خان محمد صاحب رحمہ اللہ کا قادیانیوں سے تعلقات کے بارے میں کیا فتویٰ ہے؟

ج فرمایا، مرزائیوں سے ہر طرح کا تعلق حرام ہے اور مرزائیوں کا بائیکاٹ ظلم نہیں بلکہ شریعت اسلامی کا اہم ترین حکم اور رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ ہے۔

س مفتی اعظم پاکستان مفتی محمد ولی حسن ٹونکی رحمہ اللہ نے قادیانی بائیکاٹ کے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بارے میں کیا فتوی دیا ہے؟

ج فرمایا! ان کا بائیکاٹ فرض عین اور ان سے تعلقات حرام ہیں اور تعلقات رکھنے والے فاسق وفاجر اور مستحق عذاب جہنم ہے۔

س حضرت مفتی صاحب کے اس مبارک فتوی پر پاکستان کے کتنے علماء کے تائیدی دستخط ہیں۔

ج ایک ہزار سے زائد علماء کرام ومفتیان عظام کے۔

س شیخ الحدیث مولانا سلیم اللہ خان صاحب نے قادیانی بائیکاٹ کے بارے میں کیا فرمایا؟

ج فرمایا۔احقر کو مفتی صاحب رحمہ اللہ کے فتوے سے مکمل اتفاق ہے۔

س حضرت مفتی مبشر احمد ربانی صاحب نے قادیانی بائیکاٹ کے متعلق کیا فتوی دیا؟

ج فرمایا! قادیانی مرتد وزندیق ہیں۔ان مرتدین سے دوستی تعلقات،کاروبار اور شرکت بلاشک وشبہ حرام ہے اور ان سے تعلقات رکھنے والے انہی کی مثل ہیں۔

س صدر مفتی دارالعلوم دیوبند مفتی محمود الحسن کا قادیانی بائیکاٹ کے متعلق کیا فیصلہ ہے؟

ج مفتی محمود الحسن صاحب مفتی ولی حسن صاحب رحمہ اللہ کے فتوے سے اتفاق کرتے ہیں کہ قادیانیوں سے ہر طرح کا تعلق رکھنا حرام ہے اور تعلق رکھنے والا فاسق وفاجر اور مستحق عذاب الیم ہے۔

س حضرت ڈاکٹر عبد الرزاق اسکندر صاحب اس بائیکاٹ کے متعلق کیا فرماتے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہیں؟

ج ہر مسلمان کو مرزائیوں کا بائیکاٹ کرنا فرض ہے۔ مرزائی رسول پاک ﷺ کے باغی ہیں اور دنیا کا اصول ہے باغیوں سے تعلق رکھنے والا بھی باغی تصور کیا جاتا ہے۔

س کیا کسی کافر کی نماز جنازہ پڑھنا درست ہے؟

ج کافر کی نماز جنازہ پڑھنا حرام ہے۔

س قرآن مجید کی کس آیات میں کافر کی نماز جنازہ پڑھنے سے منع کیا گیا ہے؟

ج سورہ توبہ کی آیت نمبر 84 میں۔

س کیا کسی قادیانی کو مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کر سکتے ہیں؟

ج نہیں، قادیانیوں کو ان کے اپنے قبرستان میں دفن کرنا چاہیے۔

س کافروں کا قبرستان کہاں ہونا چاہے؟

ج کافروں کا قبرستان مسلمانوں کے قبرستان سے ہٹ کر ذرا دور ہونا چاہیے۔

س کیا قادیانی کا ذبیحہ جائز ہے؟

ج قادیانی کا ذبیحہ حرام اور نا جائز ہے۔

ولا تحل ذبیحۃ مرتد (الشامی مع الدر المختار ص298 ج6)

مرتد کا ذبیحہ حلال نہیں۔

س مسلمانوں کی عبادت گاہ کو کیا کہتے ہیں؟

ج مسجد

س کیا مسلمانوں کے علاوہ کسی دوسرے مذہب کی عبادت گاہ کو مسجد کہہ سکتے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہیں؟

ج نہیں، مسجد صرف مسلمانوں کی عبادت گاہ کو کہتے ہیں۔

س کیا قادیانی اپنی عبادت گاہ کو مسجد کہہ سکتے ہیں؟

ج قادیانی کافر و مرتد ہیں اس لیے اپنی عبادت گاہ کو مسجد نہیں کہہ سکتے۔

س کیا قادیانی اپنی عبادت گاہ مسجد کی طرز پر تعمیر کر سکتے ہیں۔

ج نہیں، مسجد شعائر اسلام میں سے ہے اس لیے قادیانی اپنی عبادت گاہ مسجد کی طرز پر تعمیر نہیں کر سکتے۔

س منافقین نے ایک مسجد بنائی تھی اس کے ساتھ کیا سلوک کیا گیا۔

ج اس مسجد کو اللہ و رسول کے حکم سے گرا دیا گیا تھا۔

س منافقین کی بنائی ہوئی مسجد کا نام قرآن میں کیا رکھا؟

ج مسجد ضرار

س کیا قادیانی ہماری مساجد میں عبادت کے لیے آ سکتے ہیں؟

ج نہیں، قادیانی مرتد منافق ہیں ہماری مساجد میں نہیں آ سکتے۔

س پاکستان کو ختم کرنے میں مرزائی روز اول سے مصروف ہیں کیونکہ دنیا میں پاکستان ہی وہ توانائی اسلامی مملکت تھی اور ہے جو بحال رہے تو ساری دنیائے اسلام کو نئی زندگی عطا کر سکتی ہے۔

یہ کس بزرگ شخصیت کا مبنی بر حقیقت انکشاف ہے۔

ج ابو الاثر حفیظ جالندھری رحمہ اللہ خالق قومی ترانہ۔

س محسن پاکستان ڈاکٹر عبد القدیر خان نے قادیانیوں کی ملک دشمنی کا ذکر کرتے ہوئے کیا فرمایا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج اس میں ذرا بھی شبہ نہیں کہ عرصہ دراز سے قادیانی ملک کے اندر اور باہر یہودی لابی سے مل کر پاکستان کے ایٹمی پروگرام کے خلاف بین الاقوامی سطح پر بے بنیاد پروپیگنڈا کر کے پاکستان کو بدنام کرنے کی کوشش میں سرگرم عمل ہیں۔

س قادیانیوں کی ملک دشمنی کے متعلق ڈاکٹر عبدالقدیر خان نے کیا انکشاف کیا ہے؟

ج قادیانی اپنا اثر ورسوخ استعمال کر کے مغربی ممالک کی طرف سے طرح طرح کی رکاوٹیں اور بے جا پابندیاں پیدا کر کے ہماری فنی ترقی کو مفلوج بنانے میں مشغول ہیں۔

س جنرل محمد ضیاء الحق نے قادیانیوں کی منافقت کا ذکر کرتے ہوئے کیا فرمایا؟

ج فرمایا! ہمیں اصل خطرہ انہی منافقوں (قادیانیوں) سے ہے جو مسلمانوں کا لبادہ اوڑھ کر ہماری صفوں میں گھسے ہوئے ہیں۔

س شریعت اسلام میں گستاخ کی کیا سزا ہے؟

ج گستاخ رسول واجب القتل ہے۔

س کیا ائمہ اربعہ میں سے کوئی امام گستاخ رسول کی سزائے موت کے خلاف ہے؟

www.kitabosunnat.com

ج نہیں۔

س فتح مکہ کے موقع پر عام معافی کے اعلان کے باوجود کن لوگوں کے قتل کا حکم تھا؟

ج وہ لوگ جنہوں نے رسول اللہ ﷺ کو تکلیف پہنچایا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان

المکتبۃ الرحمانیۃ
99-جے ماڈل ٹاؤن - لاہور
نمبر 25233

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

حضور ﷺ سے کمال محبت کی علامت یہ ہے کہ آپ ﷺ کے دشمنوں کے ساتھ کمال بغض و عداوت ہو کیونکہ محبوب کے دشمن سے نفرت ہوتی ہے۔

شیخ مجدد الف ثانی رحمہ اللہ (مکتوبات ج ۱ ص ۱۶۵)

# مرزائی اسلام اور ملک دونوں کے غدار ہیں

شاعر مشرق علامہ اقبالؒ

اس میں ذرا بھی شک نہیں کہ مرزائی ... یہودیوں سے ملکر پاکستان کے ایٹمی پروگرام اور ہماری فنی ترقی کو مفلوج بنانے میں سرگرم عمل ہے

(محسن پاکستان ڈاکٹر عبدالقدیر خان)

م